بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ

وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ

ااور نہ گڈمڈِ (اور تبدیل کرو نہ ملا کر پیش) کرو سچائی کو جھوٹ

کے ساتھ اور سچائی نہ چھپاؤ اور (وہ سچی بات جو) تم جانتے ہو

(مگر اپنے مفادات کیلئے جو تم چھپا لیتے ہو)

ترجمہ از خود محمد عثمان عباسی درویش مسلمؒ

میرے مطابق یہ اللہ نے انتہائی سختی سے فرمایا یہ حکم

باقی تمام احکامات پہ فوقیت رکھتا ہے

فہرست

(حصہ اول)

نہتے درویش کو دھمکیاں

درویش قومی رہنما کی بڑھتی ہے. مقبولیت کی رفتار

کوئی قانون بناکر اس سچے شاعر کو کر لو گرفتار

یہ مشورے اسٹیبلشمنٹ کو غدار وطن فروشوں کے

عوام بھول جائے کچھ عرصے میں تو ہم ہیں مختار

جسم کے ٹکرے ٹکرے کر کے کتوں کو پھینکے دیں گے

پہلے خوب اذیت دے کر اس کی کھال دیں گے اتار

ہم نے قائداعظم کو ٹھکانے لگایالیاقت علی کو مروا دیا

یہ کیا چیز ہے اقبال کا جانشین مرد مومن کی گفتار

دراصل اللہ کی لعنت میں گرفتار خود ایسا قانون ہے

جو کلبُوشن یادیو اور ریمنڈ یوس کیلئے ہو گیا تار تار

جھوٹا ہونا واجب ہے اس ملک میں رہنے کیلئے عثمانؔ

کیا جواز رکھتے ہیں قانونی فوجی آمریت کے پرستار

علامہ اقبال کی جانشینی کیا ہے

کیوں نہ الہام کرے کیوں نہ محرم راز کرے
خدا وہ کیا ہے جو بندوں سے احتراز کرے

درویشی سے ہے شاعری فصاحت[3] سے بھر پور
جو حضرت شیخ سعدیؒ کو بلبل ء شیراز[4] کرے

گُلستان[5] بُوستان[6] میرا کلام میرا پاکستان ہے
ممکن تب ہے جب وہ مجھے چمن طراز[7] کرے

یہ ہم قافیہ سخن میرا یہی اہلیت ہے میری
ہر مصرعہ میں جو حکمت ملکوتی احراز[8] کرے

ہر درد مند ڈرتے مجھ سے یہی کہتا ہے
دل سے ہے بس یہ دعا ، اللہ تیری عمر دراز کرے

آنکھیں کھول کر دیکھ جابر یہ ہے کلام عثمانؔ
جو اِسے اقبالؒ کی جانشینی سے سرفراز کرے

نگاہ فقر میں شان سکندری

فردوس بریں میں مہا سُندری کیا ہے
سفر معراج میں نسیم سمندری کیا ہے
عشقِ حقیقی کی مست شوخی کے آگے
محبت میں، پہنی ہوئی ، مُندری کیا ہے
تیری سائنس حواس خمسہ پہ مشتمل
فراستِ مومن ہو تو، پانچ اندری کیا ہے
درویشی پیروی و استادی کی بنیاد ہے
آ تجھ کو بتاؤں ، حقیقی قلندری کیا ہے
محمدؐ نے فرمایا الفقر فخری عثمانؔ
نگاہِ فقر میں ،شان سکندری کیا ہے

زرخیز میدان

آہ یہ جاہل قبضہ مافیا حرام نسل قزاقی[1]
متصوفانہ[2] کلام میں کرتی ہے بد اخلاقی

پیلد جونچ والا کوا انجیر نہیں کھایا کرتا
اسے ہضم نہیں ہوتا ہے طبیعت کی ناچاقی[3]

حرام نسل محروم القسمت[4] بن جاتی ہے
بس ذرہ حرارت ہو تو بجنے کو چقماقی

کبھی انسانی اتفاق قائم اسلام سے تھا
اب مذہبیت ہے امت مسلمہ میں نااتفاقی

جب سے آئے سمجھنے دین فروش ملاں
نا شعور رہا نا ادب رہا ناہی لحاظ رہاباقی

مٹی سے مراد انسانی جسم ہے. جاہلو
نم رحم جبکہ زرخیز کے معنی ہیں آفاقی

بحر توحید میں فنا ہونے کیلئے کمر[7] بستہ
اقبالؒ کی روح میں اک تڑپ تھی وفاقی

اقبالؒ نے دعا میں اپنے لیے کہا یہ عثمانؔ
ذرہ نم ہو تو مٹی بہت زر خیز ہے ساقی[8]

مشکل الفاظ	معنی
مختار	اختیار والے
گفتار	گفتگو
گلبوشن یادیو	بھارتی مجرم
ریمنڈیوس	امریکی مجرم
تار تار	ٹکڑے ٹکڑے
پرستار	پوجا کرنے والے
سندری	خوبصورت
نسیم سمندری	سمندر کی ہوا
مندری	کان بالی
الفقر فخری	حدیث فقر میرا فخر ہے
قزاقی	لوٹ مار
متصوفانہ	صوفی والا
ناچاقی	صحت کی خرابی
آفاقی	عالمگیر

مشکل الفاظ	معنی
پانچ اندری	پانچ حسیں حواس خمسہ
الہام	دل میں آئی بات
فصاحت	شریں کلامی
بلبلِ شیراز	شیخ سعدی کا لقب
گلستان	شیخ سعدی کی کتاب
بوستان	شیخ سعدی کی کتاب
چمن	باغ
طراز	سنوارنے والا
سرفراز	سربلند
محروم القسمت	قسمت سے محروم
وفاقی	یکتائی
ساقی	پلانے والا

بدمعاشی ذریعہ معاش ہے

یہاں بدمعاش فوجی افسر تھپڑ گھونسے والا
وہاں بدمعاش تھا سکھ سنگر سدھو موسے والا
جب جمہوریت میں بدمعاش کروڑوں بنا لیں
دیندار مسلماں لگاتا رہے ٹھیلا سموسے والا
یزید صفت اداکار عوام کا خون پی پی کر
غریب کے بچے سے جتلائیں پیار بوسے والا
لعنت تب ریاست پر اور قانون پر عثمانؔ
جب اقتدار پر سربراہ نہ ہو بندا بھروسے والا

مشکل الفاظ	معنی
گھونسے ولا	مکہ مارنے والا
موسے ولا	ایک سیکھ گلوگار
بوسے والا	چومنے والا
جتلائیں	باہر کرنا
اقتدار پر	حکومت پر

شہرت پرست میڈیا

نہ علم نہ شعور نہ آدب نہ ثقافتی خاطر مدارات
ہر اک شو بن گیا ٹی وی پہ کنجروں کی بارات

معلومات موسم کی امریکی سٹلائیٹ سے لے کر
خود اوقات اتنی نہیں دیکھ سکیں آبی بخارات

محب وطن بن کر منافق اپنا کاروبار چمکائیں
عوام سے روزگار چھین کریں قانونی اظہارات

چھوٹے کاروبار کو غیر قانونی کروا دیتے ہیں
میڈیا والوں تمہیں کس نے دیۓ اتنے اختیارات

خود میڈیا عورتوں کے جسموں کی کمائی ہے
کریم صابن کے ٹی وی پہ دیکھو لو اشتہارات

بیوروکریٹوں کے دلدلوں نے یہ کھچڑی بنائی
سرکاری اشتہار چھاپیں ہر چینل کے اخبارات
یہ جرنیلوں اور دلالوں کو مشترکہ پالیسی ہے
تاکہ محل فام ہاؤس بنتی رہیں انکی عمارات
تلاش کروثبوت کہ اقبالؒ کا جانشین نہیں عثمانؔ
دلیل ہیں میرے کلام میں موجود اقبالی اشارات

مشکل الفاظ	معنی
ثقافتی خاطر مدارات	ثقافتی اداب ولحاظ
سٹلائیٹ	خلائی سیارہ
قانونی اظہارات	قانون کے بیانات
بیوروکریٹ	افسر شاہی کرنے والے
دلال	ایجنٹ بروکر
اقبالی اشارت	علامہ اقبال سے منصوب علامت

شہرت پرست میڈیا

یہ ملک نہ کسی کی جاگیر ہے نہ کسی کو حبا ہے
یہ آمرانہ نظام کرونا سے بھی مہلک وبا ہے
دین فروش مولانا جرنیلوں کے حمایتی ہیں
جسم فروش طوائف جرنیلوں کی دل ربا ہے
ہرفوجی افسر کا بحریہ ٹاؤ ن میں فام ہاؤس ہے
عوام کیلئے صرف گنجان آباد شہروں کاملبا ہے
کیوں نہ لیں قرض فوجی افسر اس ملک پہ
ادائیگی کیلئے غلام عوام جوغریب غربا ہے
جرنیلوں کی غلامی میں نعت پڑھنے کا شوق ہے
پیغام پہنچانے کو جدید دور میں بھی باد صبا ہے

اقربا پروری سفارش بھتہ خوری یہاں قانون ہے
ہر بڑی کرسی میں براجمان اک دلال ذی القربا ہے

جی ایچ کیو کی پیداوار تمام سیاستدان یہاں
چاپلوس نے اعزاز سے پہنی اب واسکٹ وعبا ہے

اللہ نے درویش کو اقتدار کا حق دیا ہے عثمانؔ
جمہور کا تن ڈھانپنے کو خون سے لتھڑی قبا ہے

مشکل الفاظ	معنی
حبا	دان بذر بخشش
مہلک وبا	قاتل بیماری
دل ربا	معشوقہ
بادصبا	صبح کی ہوا
ذی القربا	رستے دار
عبا	شیروانی کی شوغہ
جمہور	اکثریت
لتھڑی	آلودہ
قبا	قدرے لمبا لباس

راہِ نجات

کسی پیر گدی نشین کی مقبول مناجات نہیں ہے

کیونکہ سفاک فوج کی اطلاعِ اخراجات نہیں ہے

بھٹک بھٹک کر نیست نابود ہونا تمہاری تقدیر ہے

قوم کے اپنے اعمال کے سوا مرگِ مفاجات نہیں ہے

مجھے اللہ تعالی نے اقبالؒ کی جانشینی سے نوازا

کہ قوم کو بتادے ابلیس قاضی الحاجات نہیں ہے

میری شاعری کو پھیلانے سے انقلاب آئے گا عثمانؔ

بیشک اس کے علاوہ کوئی بھی راہِ نجات نہیں ہے

مشکل الفاظ	معنی	مشکل الفاظ	معنی
مناجات	دان بذر بخشش	قاضی الحاجات	حاجت پوری کرنے والا
سفاک	قاتل	انقلاب	نظام میں بہتری
نیست ونابود	مکمل مٹ جانا	راہ نجات	حل کا راستہ
مرگ مفاجات	ناگہانی موت	ابلیس	شیطان

سچے مسلمان

اپنے اوصاف کی وجہ سے اللہ کا چہیتے ہیں
مسلمان تو زندگی اللہ کے لیے ہی جیتے ہیں

زحم آشنائی کی لذت الگ سے محسوس ہو
اس لئے مسلمان اپنے باقی زخم سیتے ہیں

فیصلہ تیرا ! فراق بہتر ہے یاوصال بہتر ہے
متاع زیست وہ سال جو تیرے بن بیتے ہیں

بت تراش مُلاں کا جس پہ حرام کا فتوی ہو
مسلمان رند بنے وہ مے توحید لبالب پیتے ہیں

روح کو عالم ارواح سے چن لیا گیا ہے عثمانؔ
متقی شیخ پیرو مولانا تو مجبور مُسیتے ہیں

پاک خون کی توانائی

ہمیشہ مصیبت تکلیف جھکڑتی ہے مخلص تمنائی کو
اس لیے مومن پہ واجب ہے کھروچنا زخم آشنائی کو

جوہر لطیف کی قدر دانی کا تقاضہ بھی ہے اور
درد کی شدت نکھراتی ہے ہیرے کی کونائی کو

عشق حقیقی پہ مبنی شاعری اگر میں کرنے لگوں
خاک آئے گی سمجھ عطاری منہاجی دھوبی نائی کو

سونے کا چمچ لے کر پیدا ہوتا ہے یہاں ہر طرم خاں
کوستی ہے عوام پھر عمر بھر اِس کی دائی جنائی کو

جن کی بسم اللہ غلط ہے وہ یہاں عالم مفتی بنے ہیں
زکواۃ خور نور کہتے ہیں چہرے کی چربی چکنائی کو

بسم اللہ پڑھنے سے غذا سے جسم میں پاک خون
حق گوئی میں لگا رکھتا ہے حاصل شدہ توانائی کو
سائبر حملے کروا کر بھی نہ مٹا سکو گے تم نام عثمانؔ
آگ نئے سرے سے ظاہر کرتی ہے طلسمی روشنائی کو

مشکل الفاظ	معنی
چہیتے	پیارے
زحم آشنائی	محبت میں تکلیف
لذت	لطف مزا
فراق	جدائی علیدگی
متاع زیست	زندگی کی دولت
بت تراش	بت بنانے والا
رند	مست صوفی
مے توحید	توحید کی شراب
لبالب	بھر بھر کر
عالم ارواح	روحوں کا جہاں
مسیتے	مسجد میں رہنے والے
جھکڑتی	پکڑتی گرفت میں لیتی
مخلص تمنائی	سچا آرزو مند
جوہر لطیف	نفیس خوبی
قدردانی	قدر کرنا ہنر شناسی

مشکل الفاظ	معنی
ہیرے کی کونائی	ہیرے کی تراش خراش
عشق حقیقی	اللہ سے عشق
عطاری	الیاس قادری جہالت میں خود کو عطار کہتا ہے
منہاجی	طاہر القادری کے ماننے والے
دائی جنائی	بچہ جننے والی
سائبر ایٹک	ہیکر کے ذریعے حمہ کرنا
طلسمی روشنائی	وہ سیاہی جو آگ لگنے پر تحریر ظاہر کرتی ہے

قرآن وحدیث اسلام نہیں

وہ نور ہے؟جو زکواۃ کھا کھا کر چڑھا رنگ پیازی ہے
ہائے علماء کا قرآن و اسلام ہی اللہ سے ٹھٹھے بازی ہے

جا بہ جا اسلامی بھائیوں تبلیغیوں کا بڑا فائدہ ہوا
حرام خور بھی زکواۃ ادا کرنے والا پنج وقتاً نمازی ہے

جہاد صرف انسانی جائز حقوق کیلئے فرض تھا مگر
انسانی حقوق پہ قابض فوجی بھی شہید و غازی ہے؟

اسلام صرف مساویانہ انسانی حقوق کا نام ہے عثمانؔ
قرآن وحدیث اسلام نہیں ہے اسلام کی کلیہ سازی ہے

مشکل الفاظ	معنی	مشکل الفاظ	معنی
رنگ پیازی	ہلکا گلابی رنگ جو سیاہ منہ پہ آتا ہے	قابض	قبضہ کرنے والا
ٹھٹے بازی	تمسخر مذاق	مساویانہ	برابری
غازی	جہاد کرنے والا	پنج وقتاً	پانچ وقت
کلیہ سازی			

الہام کیا ہے

مجھے اچانک آنے والا خیال، ہے ہاں تیرا ہے یا میرا

میری شاعری سچائی پر خمار وہاں تیرا ہے یا میرا

یہ میرے فقر کے مقامات ہیں یا برے حالات ہیں

مجھے پیش آنے والا مرحلہ ناگہاں تیر ا ہے میرا

کیوں میں انسانیت کے درد میں دل جلا بن گیا

کیا یہ تیری عطا ہے مجھے، غم پنہاں تیرا ہے یا میرا

میری عقل نے مجھے ایسابنایا یا معرفت سے ہوں

آنکھ کی بینائی , منکشف سر نہاں تیرا یا میرا

غضبناک باطل خداؤ ں کو اکیلے للکارنے لگا ہوں

میرے ایمان میں یہ نشانِ شیر دہاں تیر ا ہے یا میرا

صرف اک مُشت خاک ہے کوئی دیوتا نہیں عثمانؔ

مجھے فکر جہاں کیوں ہو، جہاں تیرا ہے یا میرا

جدید بت پرستی یزیدیت

اس دور کے میں کچھ حسینی سُست الوجود ہیں

کچھ مشرک ہیں وقت کے یزید انکے مجسود ہیں

نعرے حسینؓ حسینؓ کے ہیں عقیدت حسینؓ سے ہے

لیکن با اقتدار ہر تحت پر یزید اسکے باوجود ہیں

سابقہ یزید ملعون یزید ملعون کے نعرے لگاتے ہیں

اور شوق سے یزیدِ وقت کے آگے سر با سجود ہیں

علیؓ نے فرمایا کہ لوگ سنگ باری کرتے ہیں عثمانؔ

پرانے شکستہ بتوں پر، جبکہ زندہ بُت موجود ہیں

مشکل الفاظ	معنی	مشکل الفاظ	معنی	مشکل الفاظ	معنی
خمار	نشہ	غضبناک	طیش میں آئے	سست الوجود	سست وجود والے
فقر	ترک دنیا	شیر دہاں	شیر کے منہ کی طرح	یزید وقت	اس وقت کا یزید
ناگہاں	خلاف توقع	مشت خاک	اک مٹھی مٹی	مسجود	سجدے کیلئے
غم پنہاں	روحانی دکھ	دیوتا	سوپر مین	سر با سجود	جھکے سجدہ کرتے
منکشف سر نہاں	راز کا ظاہر ہو جانا				

توحید اور کفر

محمدؐ کی کُل حیات مبارک کی بدولت اسلام خاور ہو گیا
حلم و بردباری اور کردار کی وجہ سے ہر دشمن یاور ہو گیا

کچھ جاہل کٹتے مرتے تھے جھوٹی عزت و بڑائی کیلئے
عربوں کی پاگل پن انسانی کے حقوق کیلئے نچھاور ہو گیا

ہر وہ شخص جو اپنے حقوق لینے کیلئے ڈرایا جاتا رہا تھا
انسانیت کے حقوق کے جنگ میں مجاہد دیلاور ہو گیا

اختلاف کفر ہے انسانی حقوق و مساوات کیلئے توحید ہے
انصاف کا نام دین ہے جو اس راز کو سمجھا بختاور ہو گیا

اتنی قربانیوں سے ریاست مدینہ قائم ہوئی تھی عثمانؔ
شیطان کفر کو یزیدیت بدل کر پھر حملہ آوار ہوا گیا

اسلام نما دہریت

تحریک لبیک اور جماعت اسلامی کے گرو اور سوامی توبہ
میلاد منانے اور نہ منانے پہ فسادات کرواتے ہیں حرامی توبہ
پیلد جرنیلوں کے اقتدار کیلئے یہ خونریزی کروا دیتے ہیں
امت کو آپس میں لڑوا کر ملتی ہے انہیں بڑی آسامی توبہ
یہ دینداری ہے انسانی حقوق دبانے کیلئے فرعون کے در پر
اللہ اور محمد ﷺ سے دشمنی میں باظاہر ہے نیک نامی توبہ
آہ انسانی حقوق پامال ہیں اور یہ دینداری پہ لڑتے ہیں
عشق رسولؐ اور توحید بھی ہو گئی اب بدسر انجامی توبہ
ہائے کوئی سنتا ہی نہیں اپنا سر پیٹتا رہتا ہے عثمانؔ
ظلم ہے اللہ ، اس قوم کی جہالت میں میری ناکامی توبہ

حب الوطن غدار قوم فروش وفادار

پاکستان کے وجود کیلئے جو نہایت ناگزیر تھے
وہ ایک ایٹمی سائنسدان ڈاکٹر عبد القدیر تھے
نظریاتی ریاست کے تحفظ کی ضمانت تھے
پاکستان کی سلامتی میں خدا کی تقدیر تھے
اٹامک انرجی صرف حرام خوری کا جواز ہے
ڈاکٹر اے کیو خان تو اک منطقی تعبیر تھے
زندگی میں وہ غدار تھے۔ اور مرنے کے فوراً بعد ہی
منافق فوجیوں کے لبوں پر اک پُر اثر تقریر تھے
میری کون سنتا میں کیا لکھتا انکی زندگی میں
وہ اپنی زندگی میں خود معروف تھے، شہیر تھے

مقدمے یہاں غداری کے ہمیشہ ہی چلے اُن پر
فرعونوں کیلئے جو سر قلم کرتی شمشیر تھے
مجبور ہے پاک فوج پہ لعنت بھیجنے پر عثماںؔ
مُحسن پاکستان کیوں اپنے گھر میں اسیر تھے؟

مشکل الفاظ	معنی
خاور	عالمگیر
حلم	نرم دلی
بردباری	خطا معاف کرنا
یاور	دوست
نچھاور	نثار کرنا
دیلاور	بہادر
بختاور	نیک بخت
یزیدیت	یزید کی حکومت
گرو	استاد
سوامی	مذہبی رہنما
خونریزی	قتل وغارت
آسامی	نوکری سیٹ
بدسرانجامی	بدانجام
ناگزیر	اہم ضروری

مشکل الفاظ	معنی
اٹامک انرجی	ادارہ ایٹمی اثاثے سے منصوب
	قابل قدر نتیجہ
منطقی تعبیر	عیار
منافق	مفسد باغی
غدار	مشہور
معروف	شہرت یافتہ
شہیر	خم دار تلوار
شمشیر	احسان کرنے والا
محسن	قیدی
اسیر	

بدذوق شاعر؟

بد ذوق شاعر نہ ہوتا میں اور ملتی مجھے بھی داد
اگر کہہ دیتا جاہلیت کیلئے نازل ہوگی غائبانہ امداد
الفاظ کی خوبصورتیوں میں خوش رکھتا قوم کو
تاکہ بے بنا سکے ہر جرنیل اپنی نسلوں کیلئے جائداد
مگر صدارتی ایوارڈ کیلئے یہ عقیدہ ضروری ہے
انعام پاکستان ہے فوجی افسروں کی مملکت خداداد
مفتی اعظم اور شیخ السلام اس ایمان پہ بن جاتا عثمانؔ
کہ ہے قوم جرنیلوں کے لنگر خانے میں مسکینوں کی تعداد

مشکل الفاظ	معنی	مشکل الفاظ	معنی
بدذوق	روایتی تمیز سے محروم	مملکت	ملک یا ریاست
داد	شاباش	خداداد	منجانب اللہ
غائبانہ	غیبی		
امداد	مدد		

عارفین بے اختیار زانی با اقتدار

درویش قیادت کے بغیر ریاست ناقص المعیار رہتی ہے
اللہ کی لعنت کا شکار رہتی ہے خلاف اختیار رہتی ہے
ماں سے زنا کے برابر ہے انسانی حقوق پامال کرنا
اسلام کے مطابق لعنت اس عمل پہ بسیار رہتی ہے
یعنی اسلام کے مطابق پاک فوج ملکی حفاظت کیلئے
ہر دم اپنی سگی ماں سے زنا کرنے کو تیار رہتی ہے
شاعری کرنا آسان نہیں مونث مذکر کا فرق بُھلا دیتی ہے
اگر ہم قافیہ نہ تو محبت رہتا ہے اور پیار رہتی ہے
ریاست اہل فقر درویش شاعروں کی قیادت میں
شاد رہتی ہے خوشحال رہتی ہے بختیار رہتی ہے
معرفت صرف درویش اہل فقر رکھتے ہیں عثمانؔ
مقصود کائنات ہیں وہ روح جنکی کوئے یار رہتی ہے

ریاستیں اپنے وجود کا حق کھو چکی ہیں

صرف اپنی اپنی عوام کا حق کھانے کی مہارات ہے

افغانستان پاکستان ڈراما ہیں اور بڑی فلم بھارت ہے

بیوروکریٹ اشرافیہ مسلط ہے ان ممالک پر ایسے

اسکے ذاتی مفادات انسانوں کے درمیان حقارت ہے

پاک بھارت جنگ ،پاک افغان جنگ قومی نہیں اب

یہ اقتدار کے حریص بیوروکریٹوں کی شرارت ہے

جہاد انسانی حقوق کی بحالی کیلئے فرض ہے مگر

یہ اشرافیہ کے ذاتی مفاد کی بنا پر قتل و غارت ہے

حب الوطنی میں انسانی حقوق پامال ہوں عثمانؔ

تو سنو یہ اللہ حق تعالی کو بدلنے کی جسارت ہے

انقلاب کیا ہے؟

پہلے ہر شہری بنیادی ضروریات سے آزاد ہو
اور پھر مساویانہ حق معاشرے کی بنیاد ہو
مثل ریاست مدینہ پاکستان تب ہو سکتا ہے
جب عوام کا مذہب دینِ حق ء حقوق العباد ہو
شہروں میں مال وزر کیلئے نہ نظر آئے آبادی
بلکے معاشرہ خلوص اور محبت سے آباد ہو
انسانی حقوق کیلئے کٹ مریں ہمارے جوان
کوئی محمد بن قاسم ہو کوئی طارق بن زیاد ہو
عدل و مساوات کی بالادستی کا نام اسلام ہے
اس لیئے انسانی حقوق کی پامالی کفر و الحاد ہو

جینا صرف اللہ کیلئے ہو مرنا صرف اللہ کیلئے ہو

درویش اہل معرفت سب کیلئے مثالی استاد ہو

سرکاری افسر گردی جدید فرعونیت ہے عثمانؔ

صرف ایک اللہ وحدہ لاشریک نقطہ اتحاد ہو

مشکل الفاظ	معنی
ناقص المعیار	عیب دار
خلاف اختیار	آؤٹ آف کنٹرول
پامال	برباد
بسیار	بہت
ہم قافیہ	ہم آواز الفاظ
قیادت	سربراہی
شاد	خوش
بختیار	خوش نصیب
معرفت	حقیقی علم
مقصود کائنات	کائنات کا حاصل
کوئے یار	یار کی گلی
مہارت	تجربہ کاری
بیوروکریٹ	افسرباشاہ
اشرافیہ	چند خواص
مسلط	مسلط ہونا

مشکل الفاظ	معنی
حقارت	نفرت
حب الوطنی	وطن سے محبت
جسارت	جرات
حقوق العباد	بندوں کے حقوق
محمد بن قاسم	جوان فاتح سندھ
طارق بن زیاد	فاتح ہسپانیہ میں
بالادستی	قوی ہونا
پامالی	بربادی
کفروالحاد	کفرولادنیت

ریاست مدینہ

جہاں سادا لوح انسان کو دیانتدار کا حق حاصل تھا
جہاں کو ہر مسلماں کو قربتدار کا حق حاصل تھا
ریاست مدینہ جدید پسماندگی سے ترقی آفتہ تھی
صاحبِ علم و امین کو امانتدار کا حق حاصل تھا
جہاں غریب کو ذمہ داری و علم کی بنیاد پر عثمانؔ
تمام امراء وسرداروں پر اقتدار کا حق حاصل تھا

مشکل الفاظ	معنی
سادہ لوح	بھولا
دیانندار	راست باز
جدید پسماندگی	ترقی جو انسانی کردار کو پست کر دے
صاحب علم	علم والے
امین	امانت دار

خوشحالی ترقی واستحکام

در حقیقت درویش کی قیادت میں تحیت ہے
عزت ہے عظمت ہے برکت ہے اور صالحیت ہے
پاکستان کی خوشحالی ترقی و استحکام
درویشوں کے پاؤں میں بِکھری قُراحیت ہے
آہ قوم کو قرض کی ذلت میں رسوا کرنے والی
جمہوریت کے نام پہ قائم جرنیلی جارحیت ہے
جو آئی ایس آئی نے پیدا کئے ہوں شیخ السلام
ان کا علمِ دین و اسلام لالتی مناتی اباحیت ہے
جو ہستی کو اللہ کی ذات میں فنا کر دیں عثمانؔ
ان درویشوں کی لا عملی بھی انکی صلاحیت ہے

خودساختہ اعزازات

یہ حقیقت آشکار ہوئی مجھ پہ قدرتی مجازات سے
کیا کیا رنگ دِکھاتا ہے زمانہ تاریخ کے معجزات سے
نسلوں کے مسائل اسلاف کی غلطیاں ہوتی ہیں
ہمیشہ نتیجے نکلتے ہیں اعمال کے دستاویزات سے
انکی نسلیں ذلت و رسوائی میں ماری جاتی ہیں
نوازتے ہیں جب بھی نااہل خود کو اعزازات سے
اللہ کی عطا کردا عزت ذلت وقتی نہیں ہوتی عثمانؔ
باریک سا اک مستقل فرق ہے خودساختہ موازات سے

مشکل الفاظ	معنی	مشکل الفاظ	معنی
تحیت	برکت سلامتی	دستاویزات	تحریری یادگار
صالحیت	پرہیزگاری	رسوائی	بے عزتی
استحکام	بحالی	موازات	مقابلہ کرنا جانچنا موازنہ کرنا
قراحیت	چمک تجلی	اباحیت	فرقہ پرستی
جارحیت	جنگجوئی	آشکار	فاش ظاہر
لاتی مناتی	عرب کے بتوت لات منات	مجازات / اسلاف	سزا او جزا کا عمل / آباؤاجداد

کرکٹ

کرکٹ توانائی، صلاحیت، سرمائے اور وقت کی بربادی ہے

کرکٹ کا شوقین ہر جگہ کرکٹ یا جوا کھیلنے کا عادی ہے

کرکٹ سوئی ہوئی قوم کے حقوق پامال کرنے کا سہارا ہے

کرکٹ صرف غفلت اور لہو و لعاب کی طرف منادی ہے

کرکٹ انسانی کمال و جوہر کی تزلیل کا باعث بنتا ہے

کرکٹ درحقیقت میں مسلسل انسداد قوت ارادی ہے

کرکٹ میں حقائق کا تعین ایک فرد کی سوچ پہ منحصر ہے

کرکٹ میں آوٹ کی اپیل کرنے والا کھلاڑی نہیں فریادی ہے

کرکٹ میں پلے بیک ویڈیو ریکارڈ بیوقوف بنانے کیلئے ہے

کرکٹ میں دراصل امپائر ایک چالاک موقع پرست نقادی ہے

کرکٹ جیتنے کی خوشیاں صرف احمق قومیں مناتی ہے

کرکٹ کی جیت کا فائدہ قومی نہیں احمقوں انفرادی ہے

کرکٹ میں وفاداری قوم سے نہیں بلکے مال وزر سے ہوتی ہے

کرکٹ میں اچھا کھلاڑی مخالف ٹیم کا زر خرید اتحادی ہے

کرکٹ شیدائی احمق بدمست ہیں مجھ سے کہتے ہیں

کرکٹ کے خلاف بولنے والا اقبال کا جانشین نہیں فسادی ہے

کرکٹ فرعونی مقاصد کو منطقی انجام تک پہنچاتا ہے

کرکٹ غلام قوم کیلئے احساس برتری اور خود اعتمادی ہے

کرکٹ کھیلنے کیلئے ہی کیوں بیتاب رہتے ہیں تمام پاکستانی

کرکٹ دوسرے کھیلوں کی نسبت پست میعار اور غیر افادی ہے

کرکٹ میں قوم کی جیت کی خوشی صرف خیالی گمان ہے

کرکٹ کی جیت کا خسارہ قومی سماجی واقتصادی ہے

کرکٹ کے شوقین شاہ دولے شاہ کے چوہے جیسے ہیں

کرکٹ دماغوں کو چھوٹا رکھنے کیلئے ایک سانچہ فولادی ہے

کرکٹ میں زندہ قومیں جان بوجھ کر ہار تسلیم کرتی ہیں

کرکٹ دقیانوسیت ذہنی پسماندگی اور ضعیف اعتقادی ہے

کرکٹ نہ ہوتا تو جنون معیشت اور وسائل کی جیت پر ہوتا

کرکٹ پاکستانی قومی ترقی کا فقدان اور سست بنیادی ہے

کرکٹ میں جنونی ہیں یہ آقاؤں کو متاثر کرنے کیلیے عثمانؔ

کرکٹ ذہنی غلاموں کی کمزوری ہے، بات بہت سادی ہے

مشکل الفاظ	معنی
صلاحیت	قابلیت
شوقین	شوق رکھنے والا
جوا / فقدان	جوئے بازی / گم ہونا گمشدگی
غفلت	گمراہی
لہو ولعاب	عیاشی فضول مزے لینا
تذلیل	ذلت سے
انسداد	روک تھام
قوت ارادی	ارادے کی طاقت
حقائق	سچائی /
تعین	تقرر وجود
منحصر	محدود۔ وابستہ
خسارہ	نقصان

مشکل الفاظ	معنی
فریادی / معیشت	فریاد کرنے والا
نقادی / ضعیف اعتقادی	جانچ پرکھ کرنے والا / توہم پرستی گھٹیا سوچ
انفرادی	ذاتی شخصی
مال وزر / تسلیم کرتی	مال و دولت / مانتی
زرخرید / فولادی	پیسے پہ بکا ہوا / لوہے سے بنا
اتحادی / سست بنیادی	ایک ٹیم میں شامل / غیر مستحکم
بیتاب / متاثر	بے چین / اثر لینے والے
پست معیار	گھٹیا کوالٹی
غیر افادی	بے فائدہ
اقتصادی	معاشی
گمان / دقیانوسیت	خیال / توہم پرستی گھٹیا فضول سوچ
شاہ دولے شاہ کے چوہے	چھوٹے سر والے بھکاری جو سبز لباس ہوں

اسلام کا حسن معاشی توازن ہے

بحریہ ٹاؤن بنابنا کر وہی ہو سکتا ہے لالوں لال
جو ہو کوئی غدار بیوروکریٹ جرنیلوں کا دلال
حساب دیں گے انسانی خون پینے والوں کے ساتھ
کمانے جاتے ہیں جو بحریہ ٹاؤن میں حلال
دراصل اسلام کا اصل حسن، معاشی توازن ہے
انسانی حقوق کیلیئے توحید ، اللہ رب ذوالجلال
آہ مساوات، وہاں پر نام کے مسلمان ہیں عثمانؔ
اچھوت مزارعے برہمن زمیندار اور بازاری کلال

مشکل الفاظ	معنی	مشکل الفاظ	معنی
بحریہ ٹاؤن	ایک ہاوسنگ سوسائٹی	اچھوت	کم ذات ہندو
لالوں لال	مالامال شاداب	مزارعے	مزدور کسان
غدار	باغی فسادی	برہمن	اونچی ذات کے ہندو
بیورکریٹ	افسر شاہی کرنے والے	کلال	مے فروش ہندو
دلال	بھڑوا ایجنٹ بروکر	زولجلال	جلال والا

دولت مشترکہ پہ سب کا حق ہے

جب کبھی دیکھتا ہوں فوج کی شاہ خرچیاں
اعلیٰ شاعری بن جاتی ہے لعنتوں کی پرچیاں
بوڑھی ضعیف عورتیں ہر بازار اور ہر گلی میں
ہاتھ پھیلائے بیٹھی ہیں یا بیچتی برتن دیگچیاں
لعنت کہنے پہ مجبور کرتے ہیں مجھے فوج پر
ٹشو بیچے بچے، مسواک اور پین بیچتی بچیاں
قانوناً بجٹ میں ہر شہری حصہ مقرر ہے عثمانؔ
مگر فوجی آفیسروں کی لمبی ہیں یہاں قینچیاں

مشکل الفاظ	معنی
شاہ خرچیاں	فضول خرچیاں جیسے بادشاہ کرتے ہیں
پرچیاں	پیپر کاغذ کے ٹکرے
ضعیف	بڑی عمر کی کمزور
ٹشو	ٹشو پیپر کاغذی رومال
مسواک	دانت صاف کرنے کیلئے ہوتا ہے
لمبی قینچیاں	حرام خوری کرنا چوری کرنا محاورہ ہے

نمائشی چور

دراصل ہر بڑا فوجی افسر صرف حرام خور ہے
جسکی لوٹ مار حیرت انگیز اثر انگیز پرزور ہے
فوجی جرنیلوں کی کرپشن پر پردا ڈالنے کیلئے
نواز شریف آئی ایس آئی کا پالتو نمائشی چور ہے
فوجی کرپشن کو حلال کرنے کیلئے سند جواز ہے
اسلیے میڈیا پہ اسکی کرپشن کا ہوتا بہت شور ہے
یہ کرپشن آئینی ہے اگر خلاف ورزی ہو تو عثمانؔ
سیاسی اداکاراؤں کو ہٹا کر آجاتا فوجی دور ہے

مشکل الفاظ	معنی
حیرت انگیز	حیران کن
اثر انگیز / آئینی	اثر رکھنے والا پر اثر / لیگل قانون کے مطابق
پرزور / سند جواز	زور والی / اجازت نامہ یا لائسنس
کرپشن	لوٹ مار رشوت خوری
نمائشی چور	ظاہری چور جو اصل چوروں کو بچائے
خلاف ورزی	الٹا عمل

درویش خدا کا نائب

اہل حق چکورو! میری شاعری شب مہتاب ہے
یا سچ کی کرنیں لیے نیا ابھرنے والا آفتاب ہے

مجھے اِن فوجی جرنیلوں سے حسد نہیں ہے
لیکن سچ ہے کہ ہر اہل حق اِنکے زیر عتاب ہے

اقتدار کا حق مجھے درویش خدا کا نائب ہوں
اہلیت میری کلام اقبالؒ کے بعد میری کتاب ہے

بیشک تسلیم و رضا کا حکم میرے جسم پہ ہے
لیکن یہ روح میری طاہر لا ہوتی رہتی بیتاب ہے

ہائے کہے جاہل کہ اپنے آپ میں نہیں رہتا عثمانؔ
سن او جاہل ، تیرا خالی ذہن بس رہتا شتاب ہے

مشکل الفاظ	معنی	مشکل الفاظ	معنی
اہل حق چکورو / حسد	سچائی کی ترپ رکھنے والے / بغض جیلسی	زر عتاب / شتاب	ظلم کے نشانے پر / تیز جلد
شب مہتاب / آفتاب	چاند کی رات / سورج	اقتدار / نائب	حکومت / خلیفہ

بیوروکریسی

دراصل فوجی افسر پس پردہ با اقتدار ہیں
ہر جگہ پہ بااختیار انکے ہی قرابتدار ہیں

جبکہ پاکستان سے مراد پاکستانی عوام ہے
جو اس کے ساتھ مخلص نہ ہو وہ غدار ہیں

جاہل منافق کہتے ہیں کہ یہ فوج پہ کیچڑ ہے
فوج حکم کی غلام ہے غدار انکے سردار ہیں

اسی کو ہی بیوروکریسی کی لعنت کہتے ہیں
بظاہر محافظ حقیقتاً ڈاکو اسلحہ بردار ہیں

یہی اسٹیبلشمنٹ کے نام دھوکا ہے عثمانؔ
کہ ڈاکو خیانت کار بنے محافظ امانتدار ہیں

مشکل الفاظ	معنی	مشکل الفاظ	معنی
دراصل / قرابتدار	حقیقت میں / رشتے دار	کیچڑ / اسٹیبلشمٹ	گندگی / مراد فوج
پس پردہ	پردے کی پیچھے	بیوروکریسی	افسر شاہی اختیار کا غلط استعمال
بااقتدار / مخلص	حکمران / صاف سچے	اسلحہ بردار / خیانت کار	ہتھیار اٹھائے / دھوکا کرنے والے

لاحاصل جدوجہد

یہ مجذوبی ہے الہام ہے یا طریقہ ہے شعروں کو پرنور کرنے کا
یا مست ہوں مجھے ہنر آتا ہے ہر جگہ کو کوہ طور کرنے کا

تمہارا ہر ایک لیڈر اسی غلیظ نظام کی پیداوار ہے سن لو
کوئی فائدہ نہیں ہو گا اسے الیکشن پر نیا تیمور کرنے کا

سب کچھ یہاں پہلے طے کر لیا جاتا ہے الیکشن بکواس ہے
صلہ جیت ہے سیاستدان کیلئے فوج کو جی حضور کرنے کا

یہ فرعونی نظام ہے اور اسکی نظام کی محافظ فوج ہے
غلامی کا سبق ہے دھروں سے عوام کو باشعور کرنے کا

میرا کلام قوم کے بچے بچے کی زبان پر جاری ہو عثمانؔ
بس یہی راستہ ہے فوج کو گھٹنے ٹیکنے پہ مجبور کرنے کا

وجدان سائنس سے بہتر ہے

حضرت عمرؓ کے زمانے میں لگی جب آگ
ہر اک شخص دوڑا چلے آتا تھا بھاگ بھاگ
امیر المومین یہ آپ کی خلافت ہے کیسی
آگ نے کر دی ہمارے گھروں کی ایسی تیسی
جلد از جلد بیان کریں آپ اپنی صوابدید
بجھنے کا نام نہیں لیتی ہے نہایت شدید
فرمایا آگ کو چھوڑو خیرات تقسیم کرو
عمل سے مغلوب کرو پیدا باد نیسم کرو
یہ تمہاری بخیلی ہے دیکھا اپنی فیاضی
حکم سن کر حرکت میں آئے وہ نیم راضی

اعمال اور قدرت دونوں اک ترازو پر تول دئے
گھر جاکر اناج کی بوریوں کے منہ کھول دئے

جدید سائنس قدرتی آفات لڑ پڑتی ہے بے درد
پر نہیں رکھتی صلاحیت انہیں کرنے کی سرد

سرد ہوگی دیکھتے دیکھتے آگ کو نید آگئی
مشکل کا حل نہ آیا لیکن سائنس جدید آگئی

وجدانی کمال کے اہل، اقتدار کے حقدار عثمانؔ
جو مشکل کشا ہوں جنیں مل کر لگے عید آگئی

مشکل الفاظ	معنی	مشکل الفاظ	معنی
ایسی تیسی	بہت خرابی کرنا	مجزوبی	دھوشی
صوابدید	تجویز جواب دہی	الہام	اللہ کی طرف سے دل میں آئی بات
شدید	سخت	پرنور	روشن نورانی
خیرات	نیاز صدقہ کرنا	مست	سرشار مگن بیخود
مغلوب	غالب ہونا	تیمور	فاتح الیکشن جیتنے والا
بادنسیم	نرم ہوا	جی حضور	چاپلوسی خوشامندی محاورہ ہے
بخیلی	لالچ	باشعور	شعوروالے
نیم راضی	آدھے راضی	گھٹنے ٹیکنے	عاجزی کرنا نوکری کرنا محاورہ ہے
اناج	غلے گندم چاول		

قرآن کا خلاصہ

قرآن نا انصافانہ نظام کی سخت تردید کرتا ہے
قرآن تو مساوات کے درس سے مستفید کرتا ہے
قرآن قانون فطرت میں انسانیت کو برابر کہتا ہے
قرآن اسلیے ایک وحدہ لاشریک کی تمجید کرتا ہے
قرآن میں اللہ کے احکامات کا متن یہ ہے عثمانؔ
قرآن انسانوں کے برابر حقوق کی تاکید کرتا ہے

مشکل الفاظ	معنی
ناانصافانہ	انیائے والا ظلم ولا
تردید	منسوخ
مساوات	برابری
مستفید	فائدہ مند سود مند
فطرت	نیچر قدرتی
وحدہ لاشریک	ایک اللہ معبود
تمجید	بڑائی بیان کرنا
احکامات	حکم کی جمع
متن	اصل مواد وسط دل
تاکید	بار بار کہنا زور دینا

الیکشن ہی دھندلی ہے

ووٹ کی عزت کو جعلی الیکشن پر موقوف بنا کر
چاپلوسوں کو عوام کی نظر میں اہل وقوف بناکر
لعنت بھی نہ بھیجے یہ عوام جن سیاستدانوں پر
انکی ان سکیورٹی کیلئے کنٹیز بولٹپروف بنا کر
نا امید اہل علم عوام سے حق رائے دہی چھین کر
الیکشن کمپین میں سیاستدان کو مصروف بنا کر
ملک لوٹتے ہیں اس ملک کے محافظ خود عثمانؔ
عوام کو ہر بار سیاسی پارٹیوں میں بیووقوف بناکر

مشکل الفاظ	معنی
موقوف	انحصار کیا گیا
اہل وقوف	باشعور اہل علم
بولٹپروف	جس سے گولی نا گزر سکے
الیکشن کمپین	انتخابی گہما گہمی

غدار جرنیلوں پہ لعنت

غدار جرنیلوں کے پلید جسم وجاں پر لعنت
جس ماں نے تمہیں جنم دیا اُس ماں پر لعنت
انسانی بنیادی حقوق دبا کر یہ بحریہ ٹاؤن بنا
فوجی افسروں کے خوابوں کے جہاں پہ لعنت
یہ غلامی تمہیں تمہاری بد مستی کرواتی ہے
عیاش کے کشکول کیلئے سخی آستاں پہ لعنت
جیسے فوجیوں نے مجدد بنا کر شیخ السلام کہا
اس سامری کرادر کے عالم ظلمت افشاں پہ لعنت
ترانے میں غدار جرنیلوں نے جو بہار نثار کر دی
عوام اس سے مرنے لگی ہے اِس خزاں پہ لعنت

اپنی عوام کا جسم نوچ کر تمہیں اعزاز ملتے ہیں
خود ساختہ جرنیلوں کے ہرفوجی نشاں پہ لعنت
سسکتی مرتی عوام کا خون چوس کر عثمانؔ
اگر امن بحال ہوتو اُس امن و اماں پر لعنت

مشکل الفاظ	معنی
جنم دینا	پیدا کرنا
بنیادی حقوق	خوراک پانی بجلی گیس وغیر
خوابوں کا جہاں	جنت راحت کا جہاں
غلامی	نوکری مراد امریکی غلامی
بدمستی	فضول عیاشی
مجدد	تجدید کرنے والا
شیخ اسلام	اسلام کا علم رکھنے والا
ظلمت افشاں	جہالت پھیلانے ولا
بہار نثار	خوشی دینا
خزاں	پت جھڑ
نوچ کر	کھروچ کھروچ کر
فوجی نشاں	فوجی اعزازات

انسانیت ایک وجود کی نسل ہے

کُل انسانی آبادی ایک آدم کی ذریت ہے
اور اس کی نجات کی فکر شریعت ہے
فرمایا ومارسلنک الا رحمۃ للعالمین
دین اسلام درحقیقت تحفظ انسانیت ہے
نجاتِ انسانی ہیں اولیاء اللہ کے وجود
او جاہل نمازی تیری اتنی حیثیت ہے؟
غوث اعظمؒ کو بھی یہی حکم دیا گیا
بغیر معاشرتی انقلاب عبادت میت ہے
مسلماں کی عبادت حق کیلئے جہاد ہے
کافر عبادت میں ہے کہ خیر و عافیت ہے

با خدا جب انسانی حقوق پامال ہوں
نہ کوئی دین نہ ایمان نہ اخلاقیت ہے
ریاست بغیر مساویانہ حقوق کے عثمانؔ
کافرانہ جمہوریت، عصبیت ،معصیت ہے

مشکل الفاظ	معنی
ذریت	نسل
شریعت	قانون الہی
حیثیت	لیاقت
غوث اعظم	مراد شیخ عبدلقادر جیلانی
میت	مردہ ہونا

حق گوئی غم کربلا سے بہتر ہے

اے مرد حق حسین آپؑ بہادر ہیں بے باک
میری آنکھ کا سرمہ آپؑ کی راہ کی خاک

عقیدت میں نہیں کرتا ہوں شعروشاعری
میری شاعری آگاہی ہے ریا کاری سے پاک

الفاظ چن چن کر عقیدت ثابت کرتی ہے
نیک نامی کی ہوس ہے بڑی ہی چالاک

حق گوئی غم کربلا سے لاکھ درجہ بہتر
توبہ اللہ کہ میں اسمیں ہو جاؤں انہماک

یزیدِ وقت باطل سے اکیلے لڑتا رہا عثمانؔ
میری حسینت کئی ہو نہ جائے چاک چاک

مشکل الفاظ	معنی	مشکل الفاظ	معنی
بے باک / ہوس	نڈر بہادر / دیوانگی جنون	نیک نامی / حسینت	اچھی شہرت / حسینی جذبا
ریاکاری / چالاک	ظاہر داری / مکار	انہماک	محویت
عقیدت	ارادت خلوص محبت	چاک چاک	ٹکرے ٹکرے

ایمان و عقل کا مقابلہ

تیرا ایمان حرام خون سے شرابور ہے
تیری نماز بھی شِرک سے بور بور ہے
اللہ کے ساتھ ٹھٹھا ہے تجاہُلِ عارفانہ
مگر وہ عزیز ، سلام ، حلیم ، صبور ہے
میرا ایمان میری عقل پہ غالب رہتا ہے
یوں مجھے الہامی شاعری پہ عبور ہے
شیخ الاسلام کی عقل ایمان پہ غالب ہے
اسلیئے کاذب بے ایمان نثر پہ مجبور ہے
زندہ پہ فتویِء کُفر مُردہ پہ خود شرک
ہمیشہ اسلام اِنکے مذہب سے مزبور ہے
بادشاہی مسجد سے اٹھے کوئی عثمانؔ؟
جاہلیت نہ سمجھے اقبالؒ اب مقبور ہے

نہی عن المنکر یا گوشہ نشینی

بن امر بالمعروف نھی عن المنکر بخشے نہ تواب
نماز کے بل پر نہیں بن سکتا کوئی جنتی نواب
حواس مُطیع مُعلق رکھ اورظاہریت پیدا کر
ولایت کا تقاضہ یہ ہے کہ تقدیر کو ملے جواب
اگر دگرگوں حالات کو بدل دینے کی قابلیت
ہے ایمان کی طاقت سے حسبِ الاستصواب
نید میں منقطع جب خواص ظاہری ہوں تو
خیالات ظاہریت بن کرنظر آئیں جیسے خواب
گوشہ نشینی مقام قطب ،غوث کا ہے عثمانؔ
ورنہ بغیر راہ حق ممکن نہیں کچھ کارثواب

قانون مچھر کیلئے انصاف کا نام ہے

سلمانؑ کا دربار واہ انصاف کی روایت
مچھر بھی آ نکلا لے کر ہوا کی شکایت
میں ننھا سا وجود وہ وجود سے آزاد ہے
ستاتی ہے مجھے بہت فریاد، فریاد ہے
مسکرا کر کہا مچھر سے یہ سلمانؑ نے
کیا یہ جان بوجھ کیا اس مسلمان نے
ہوا حاضر ہو قانون سے نہیں کوئی بری
مگر مچھر بھاگا، جب ہوا کی ہوئی حاضری
ممکن نہیں جناب مچھر رکھو حوصلہ
دو فریقین کی موجودی کے بغیر فیصلہ

بولا ٹھہرنا ممکن نہیں میری تو شامت آئی
جب بھاگتے مچھر کو اہل دربار صدا لگائی
ہنسے اہل دربار ، کہا یہ مقدمہ تو فضول ہے
ہوا جان کر نہیں کرتی یہ قدرتی اصول ہے
انصاف کی نئی مثال قائم ہوئی عثمانؔ
جب بھاگتے مچھر نے کہا قبول ہے قبول ہے

مشکل الفاظ	معنی	مشکل الفاظ	معنی	مشکل الفاظ	معنی
شرابور	لت پت بھیگا ہوا	عبور	مہارت	مطیع معلق	نہایت فرمانبردار
بور بور	پاش پاش	کاذب	جھوٹا	ظاہریت	حالات
ٹھٹھا	تمسخر	نثر	تحریر	ولایت	ولی ہونا
تجاہل عارفانہ	جان بوجھ کر انجان	مزبور	مذکور	تقدیر	مقدر کی ہوئی
عزیز	بننا	مقبور	دفن شدہ	منقطع	کاٹا ہوا
سلام	پیارا محبوب	فتویٰ کفر	کفر کا فتویٰ	حواس	قوت حس حسی طاقت
حلیم	سلامتی والا	مردہ	مرا ہوا	گوشہ نشینی	خلوت نشینی
صبور	نرم رحیم	امر بالمعروف	سیدھی بات کی تلقین	قطب	ولی کا ایک مقام
غالب	بہت صبر کرنے والا	نہی عن المنکر	غلط سے روکنا	غوث	ولی کا ایک مقام
الہامی	فاتح	تواب	توبہ قبول کرنے والا	کار ثواب	ثواب کا کام
	آسمانی الہام والی				

باطل قوانین وفرسودہ نظام تعلیم

ملک پہ بوجھ پڑھے لکھے سرکاری ملازمین ہیں
قرضے سے تنخواہیں اور یہ حرام خور کمین ہیں
مسائل کے حل نہیں انکی سندوں ڈگریوں میں
پڑھنے پڑھانے کو صرف تعلیمی مضامین ہیں
قرضے انکے لیے ادائیگی کیلئے محنت کش عثمانؔ
باطل قوانین انصاف کے جنازے پہ ثمہ امین ہیں

مشکل الفاظ	معنی
ملازمین	نوکر سرکا اہلکار
کمین	کمینے ذلیل لوگ
حرام خور	حرام کھانے والے
مسائل	مسئلہ کی جمع پرابلم
سندوں	تعلیمی سرٹیفکیٹ
باطل قونین	وہ دستور جو انصاف سے خالی ہو
محنت کش	مزدور طبقہ
ثمہ آمین	پانصاف کے جنازے بار بار دعا

مشکل الفاظ	معنی
من مانی	نفس پرستی اپنی مرضی
نفس پرست	خود پرستی
ٹھکرایا	ذلیل خوار کیالات ماری
جام شہادت	الحق کیلئے مرنے کی شراب
خلقت	تمام مخلوق
کنبہ	گھرانا اہل وعیال
طبقاتی	اونچ نیچ
تنگ نظری	نظریا نظریات کی تنگی
سدھایا	

قانون وہ ہے جو اللہ نے سکھایا ہے

قانون انسان کو سِکھایا ہی اللہ نے ہے
فرق حق وباطل دِیکھایا ہی اللہ نے ہے
من مانی کیلئے مردود ہوا ابلیس جب
نفس پرست کو ٹھکرایا ہی اللہ نے ہے
حقوق کیلئے لڑنے میں بے حد مزا ہے
یہ جام شہادت تو پلایا ہی اللہ نے ہے
ہر حاکم فرعون اوریزید سے لڑنے کا
انسانوں کو ، حق دیلایا ہی اللہ نے ہے
اللہ کی تمام خلقت ہی اللہ کا کنبہ ہے
مساوات کا حکم فرمایا ہی اللہ نے ہے
طبقاتی تنگ نظری قانون نہیں عثمانؔ
برابرانسانیت کو سِدھایا ہی اللہ نے ہے

کیا یہ آزادی ہے؟

ایک عام شہری باجا ناقوسی کرنے کیلئے آزاد ہے.
مہنگائی وجہ سے کنجوسی کرنے کیلئے آزاد ہے
جرنیلوں کے بوٹ چاٹنے والے علماء و پیروں کی
دینی عقیدت میں قدم بوسی کرنے کیلئے آزاد ہے.
پندرہ سال کما کما کر صرف اپنی شادی کے دن
انڈین گانے سے شب عروسی کرنے کیلئے آزاد ہے
نہایت کم آمدنی میں گھر خرچ چلانے کیلئے
اپنے افسروں کی چاپلوسی کرنے کیلئے آزاد ہے
تیرہ اگست کی رات کوستے، بازار سے عثمان
آتش بازی سے متاثر پڑوسی کرنے کیلئے آزاد ہے

مشکل الفاظ / معنی
ناقوسی / باجا جو ہندو بجاتے ہیں
قدم بوسی / پاتن کو ہاتھ لگانا
شب عروسی / شادی کی رات

مشکل الفاظ / معنی
چاپلوسی / خوشامد کرنا
آتس بازی / گولے بارود کا کھیل
پڑوسی / ہمسایہ

مشکل الفاظ / معنی
بوٹ چاٹنا / مراد فوج کے سجدہ کرنا
دینی عقیدت / دین سے محبت
پاؤں چاڑٹنا / جھکنا جانور کی طرح

فوج کی تاریخی کارکردگی

سر عام کہوں گا سچ سو بار مومنانہ لا ابالی میں
شاعرانہ حق گوئی مجھے ملی ہے وراثت اقبالی میں

گھر پہ قبضہ کرلیا بندوق کے زور پہ سیکورٹی گارڈ نے
ہمیشہ تاریخ میں نمبر ون پاک فوج رہی اس دلالی میں

قائد اعظم کی گاڑی میں سے پیٹرول کس نے نکالا تھا
حرام نسل کیسے پوری اتر سکتی تھی نمک حلالی میں

لیاقت علی خان کے بعد قوم جرنیلوں کی غلام ہے
ہے چار دن کی کوتوالی پھر وہی کھرپا وہی جالی میں

پینسٹھ کی جنگ میں ہائے عوام کو محاذ پہ اتر دیا
رذیل کم نسل بزدل بے مثل ہے کمینگی و رذالی میں

مشکل الفاظ / معنی	مشکل الفاظ / معنی	مشکل الفاظ / معنی
مومنانہ / ایمان والی	دلالی / عیاری کٹناپہ	کھرپا وہی جالی / محاورہ ہے لاحاصل کام
لاابالی / بے باکی بے پروائی	نمک حلالی / وفادری	رذیل / کمینے پست فطرت
وراثت / میراث ورثہ	کوتوالی / محاورہ ہے لاحاصل کام	محاذ / جنگ

بنگلہ دیش میں ترانوے ہزار کی پنٹیں اتروا کر آئی

جب فوج اپنی عوام کو مارنے گئی بے اعتدالی میں

مسئلہ کشمیر میں صرف دوٹوک موقف رکھتی ہے

اٹھاتی ہے کشمیریوں کے حقوق کی آواز مگر نیپالی میں

فوجی افسر قبضہ سے بناتے ہیں بحریہ ٹاؤن اپنے لیے

چنڈال شرما جائے رہنا گوارا نہ کرے ایسی چانڈالی میں

حفاظت بہانہ بن گیا ہے عوام کا خون چوسنے کا

فوجی بجٹ کی خاطر خون پسنہ بہا زبوں حالی میں

ہر انقلابی نجات ہندہ منافق جی ایچ کیو کی پیداوار تھا

عوام کو مایوس کیا بہت فوج نے لاحاصل کہن سالی میں

ہیرو بنا دئے ہیں جرنیلوں نے امریکی بحری قزاق

کہہ کے یہ کہ خاک رکھا ہے سعدیؒ رومیؒ و غزالیؒ میں

مشکل الفاظ / معنی	مشکل الفاظ / معنی	مشکل الفاظ / معنی
بے اعتدالی / حد سے بڑھنا	زبوحالی / غربت مفلسی	سعدیؒ / مصلح الدین سعدیؒ شاعر تھے
نیپالی / جو سمجھ میں نہ آئے	کہن سالی / بہت سال کی مدت	رومیؒ / جلال الدین رومیؒ شاعر تھے
چنڈال / منحوس بے دین	بحری قزاق / سمندری ڈاکو چور	غزالیؒ / ابو حامد محمد غزالیؒ ایک علمی شخصیت

ملکی حفاظت کو جوڑا کچھ اس طرح لوٹ مار سے

انصاف دہشتگردی ٹھہرایا گیا اس ترکیب اتصالی میں

اب خود فیصلہ کرو کے وقت کا تقاضہ آخر ہے کیا؟

خدارا ذاتی مفادات چھوڑ دو اب خیر سگالی میں

تاریخی کارکردگی کا جائزہ لینے سے یہی ثابت ہوتا ہے

لگی ہے پاک فوج صرف انسانی حقوق کی پائمالی میں

کیا وقت کا تقاضہ درویش شاعر اقبال کا جانشین ہے نہیں

اخذ کرو جلد از جلد اک منطقی نتیجہ فکر استدلالی میں

کس پہ پڑتا ہے ؟ مہنگائی کا بوجھ فوجی بجٹ کیلئے

پستی ہے عوام صرف ملکی حفاظت کی خام خیالی میں

کہنے کو مزید بھی بہت سے شعر کہہ سکتا ہے عثمانؔ

پر شعر اچھا نہیں لگتا مجھے خود بھی غلیظ گالی میں

مشکل الفاظ / معنی	مشکل الفاظ / معنی	مشکل الفاظ / معنی	مشکل الفاظ / معنی
ترکیب اتصالی / الگ معنی رکھ ساتھ جوڑنا	استدلالی / ثبوت کے ساتھ	پستی / کچلی جاتی ہے مسلی	پامالی / بربادی
خیر سگالی / خیر خواہی	خام خیالی / غلط خیالی	منطقی / دلیل کے ساتھ	کارکردگی / کام کی نوعیت

جنگ صرف اللہ کیلئے جائز ہے

اخلاص علیؓ کا ہے بے مثل اور بے نظیر
جب جنگ میں پہلوان آگیا تھا زد شمشیر
شکست میں تھوک دیا چہرے ء مبارک پہ
فخرو لیوں کو ہے جس رخسار ء تبارک پہ
جلال سرد پڑا نمایاں ہوئے رحم کے آثار
پگِل گیا مخالف دیکھ کر یہ جذبہ ء ایثار
کس چیز نے رو کا آپ کو اے حیدر کرار
بتادیں جو ہے اس میں پوشیدہ اسرار
اِس حالت میں قتل میرا آسان تھا بہت
جبکہ بدلے کا بھی دل میں ارمان تھا بہت

مشکل الفاظ / معنی	مشکل الفاظ / معنی	مشکل الفاظ / معنی	مشکل الفاظ / معنی	مشکل الفاظ / معنی
حیدر کرار / علیؓ کا لقب	تبارک / برکت والا	شمشیر / خمدار تلوار	شمشیر / خمدار تلوار	ذولفقار / علیؓ کی تلوار
فنا ہے / ختم ہونا	آثار / اثر کی جمع	شکست / ہار	شکست / ہار	اسرار / راز بھید
کفار / کافر کی جمع	ایثار / قربانی	رخسار / چہرہ	رخسار / چہرہ	نقار / کینہ گری عداوت

علیؓ نے فرمایا ذات فنا ہے خدا کا ہوں شیر
ذاتی غصے پہ قابو کرنے والا ہوتا ہے دلیر
نفس پرستی کو نہیں سمجھتا میں اپنا وقار
تب خدا کا شیر ہوں تب ہے تلوار ذوالفقار
ورنہ جہاد کے نام پہ ذاتی بنا پہ ہوتو عثمانؔ
نعرہ حیدری و جنگ بھی ہے کُفار کی نِقار

مشکل الفاظ	معنی
ملازمین	نوکر سرکا اہلکار
کمین	کمینے ذلیل لوگ
حرام خور	حرام کھانے والے
مسائل	مسئلہ کی جمع پرابلم
سندوں	تعلیمی سرٹیفکیٹ
باطل قونین	وہ دستور جو انصاف سے خالی ہو
محنت کش	مزردور طبقہ
ثمہ آمین	پھر قبول مراد انصاف کے جنازے بار بار دعاہیں

مسئلہ کشمیر آخر ہے کیا؟

جو اپنی قوم کو بیچتا ہے وہی منافق کالا کافر ہے
کشمیروں تمہارا ہر لیڈر در اصل غدار میر جعفر ہے

بیوروکریٹ جرنیلوں سے منہ مانگی قیمت لیتا ہے
کشمیر کو مقتل بنا کر رکھنے کی اسے بڑی آفر ہے

سو سالوں میں پانچ سکول چار کالج بنا کر دئے
سادا دل کشمیریوں کیلئے بس یہی کچھ وافر ہے

اُدھر مقبوضہ کشمیر میں خون کی حولیاں ہیں
پاکستان وہاں پر تمہارا بڑا ہمدرد فوٹوگرافر ہے

یہاں کشمیریوں کو حقوق حاصل نہیں عثمانؔ
شاعر اقبالؒ کا جانشین ہو کر درویش مسافر ہے

مشکل الفاظ / معنی	مشکل الفاظ / معنی	مشکل الفاظ / معنی
کالا کافر / پکا کافر	وافر / بہت زیادہ کثریر	حولیاں / مراد خون خرابا
میر جعفر / قومی غدار	سادہ دل / بھولے لوگ	فوٹوگرافر / مراد ظلم کی دکھانے ولا
مقتل / قتل کی جگہ	مقبوضہ / جس پہ قبضہ ہو	جانشین / وہی ذمہ داری لینے والا

تہوار بھی ذلت ہے

اجاڑ رہتی ہے سال بھر عید کے تہوار پہ بستی ہے
آہ غلام قوم خوشیوں کیلئے سال بھر ترستی ہے

پھر دیکھ دیکھ کر چٹکلے اپنی بے بسی میڈیا پہ
ذہنی مریضوں کی طرح اپنی حالت پہ ہنستی ہے

مہنگائی کے ذریعے فرعونوں کے بنتے محل دیکھے
ہجوم دیکھا تو پتا چلا کوئی چیز یہاں سستی ہے

چھوڑ دیا میں نے جینا جب ان غلاموں کے ساتھ
آہ میری درویشی پر جہالت کہنے لگی یہ مستی ہے

کرپٹ نظام کے مطابق چلنے پہ مجبور ہیں عثمانؔ
انگریزی تعلیم ان کی ذہنی پسماندگی و پستی ہے

مشکل الفاظ / معنی	مشکل الفاظ / معنی	مشکل الفاظ / معنی
اجاڑ / غیر آباد	چٹکلے / لطیفے	دویشی / نفس کشی
تہوار / غم خوشی کی تقریب	بے بسی / بے چارگی	کرپٹ نظام / خراب سسٹم
ترستی / محروم ہونا	ہجوم / مجمع کثرت رش	پسماندگی / کمزوری بے عقلی

گیت وطن کے نام

میرے وطن تیرے چور محافظ بن کر مچائیں شور

تو وہ چاند ہے جسکے قید ہیں سارے چکور

میرے وطن تیرے چور محافظ بن کر مچائیں شور

درد کی وجہ نکال کر پر،خود بنا ہے بے پر مور

میرے وطن تیرے چور محافظ بن کر مچائیں شور

کٹی پتنگ تو ہے اور غیر کے ہاتھ ہے تیری ڈور

میرے وطن تیرے چور محافظ بن کر مچائیں شور

منافقت کی ایسی مثال نہیں ملتی کئی اور

میرے وطن تیرے چور محافظ بن کر مچائیں شور

اعزازات سے نوازیں خود کو تیرے حرام خور

میرے وطن تیرے چور محافظ بن کر مچائیں شور

طاقت ہیں جو تیری تجھے کرتے ہیں کمزور

میرے وطن تیرے چور محافظ بن کر مچائیں شور

تاریخ ہے تیری فوجی آمریت میں خونی دور

میرے وطن تیرے چور محافظ بن کر مچائیں شور

اصل دشمن کون ہے تب سمجھا جب کیا غور

میرے وطن تیرے چور محافظ بن کر مچائیں شور

مشکل الفاظ	معنی
سارے چکور	تمام حب الوطن لوگ
اعزازات	اعزاز کی جمع
خونی دور	قتل وغارت کا زمانہ
مچاہیں شور	یہاں چور باظاہر حفاظت کیلئے شور مچاتے ہیں
فوجی آمریت	فوجی حکومت مراد کچھ لعنتی جرنیلوں کی بادشاہت

مشکل الفاظ	معنی
کدروت	میل گدلا پن
بت ومورت	بت مجسمہ شبیہہ
دردانسانیت	صفات الٰہی کی تڑپ
آشنا صورت	محبوب دوست کی شکل
سہانے خوابوں	دلکش خواب
تڑپتی پورت	تکمیل پانے کی خواہش
فضیلت	برتری
قرآنی سورت	قرآن کی صورت
کوشاں	کوشش کرنے والا

سچا محافظ

جو بہادر جاں نثار ہو اسکے دل کدروت نہ ہو
اس کا دین درد انسانیت ہو بت و مورت نہ ہو
اپنی عوام کی حفاظت کو عبادت سمجھتا ہو
دل میں خاندانی محبت کوئی آشنا صورت نہ ہو
دیوتا ہے جوانسانیت کیلئے زندگی وقف کر دے
دل میں سہانے خوابوں کی تڑپتی پورت نہ ہو
ایسا سپاہی تمام علماء پہ فضیلت رکھتا ہے
آتی بھلے ہی اسے ایک بھی قرآنی سورت نہ ہو
ہر دم شہادت کیلئے کوشاں رہنے والا دلیر شیر
اللہ کی وفاداری سے زیادہ کوئی پتورت نہ ہو
دراصل محافظ صرف وہ ہی ہو سکتا ہے عثمانؔ
جسے خود کسی بھی حفاظت کی ضرورت نہ ہو

فوج کا منافقانہ کردار

یا آزاد کروا دو کشمیر کو، یا جھوٹی ہمدردی چھوڑ دو
یا اتار کر پھینک دو پھر یہ فوجی وردی چھوڑ دو

یا دفاعی بجٹ بند کر دو یا عوام کو سانس لینے دو
یا حفاظت کی آڑ میں حرام خورو افسر گردی چھوڑ دو

جسکی لاٹھی اسکی بھینس تمہارے مطابق آئین ہے
تو اقوام متحدہ میں ہیجڑوں اب نا مردی چھوڑ دو

ہائے ستر سال سے مقتل بنا رکھا ہے کشمیر، عثمانؔ
کچھ نہیں سکتے تم ،تو پھر یہ گرمی سردی چھوڑ دو

مشکل الفاظ / معنی
جھوٹی ہمدردی / منافقت
فوجی وردی / فوج کا یونیفام
دفاعی بجٹ / دشمن کیلئے اخرات
سانس لینے دو / دم بھرنے دو محاورہ
آڑ میں / کے پیچھے محاورہ

مشکل الفاظ / معنی
افسر گردی / افسروں کی لاقانیت
جسکی لاٹھی اس کی بھنس / محاورہ زبردست درست ہے
ہیجڑوں / خواجہ سرا زن صفت
مقتل / قتل کئے جانے کی جگہ
گرمی سردی / لڑائی دوستی پھر لڑائی دوستی

نعمت سے پر سکون محرومی بہتر ہے

اک درخت میں مزے سے رہتی تھی اک گلہری
نہایت ہی سکون سے جیسے ہو کوئی گونگی بہری
ٹھیک اُسی درخت پہ چڑتی تھی انگور کی بیل
مزیدار انگور کھایا کرتی تھی وہ جسکے طفیل
تب چیونٹیاں آگیں وہاں جو رہتی تھی پہلے دور
ہوا کے چلنے سے جب نیچے گرے گئے کچھ انگور
شہد کی مکھیاں بھی آ پہنچی وہاں لگانے کھوج
چیونٹیاں انگوروں میں جب گھسی فوج در فوج
اب ہائے ہائے کرتی تھی وہ گونگی بہری خاتون
جب برباد ہوا گلہری کا پہلے والا آرام و سکون

مشکل الفاظ / معنی	مشکل الفاظ / معنی
گلہری / چوہے جیسا جانور	گھسی / اندر داخل ہوئی
گونگی بہری / خاموش طبیعت	فوج در فوج / گروہ در گروہ
طفیل / ذریعہ مراد اسکے ذریعے	گونگی بہری اتون / مراد گلہری

گلہری کا ننھا سا جگر ہو رہا تھا یوں پاش پاش
کہ اسے دن بھر کرنا پڑتا اک اک میٹھا انگور تلاش
پُر سکون رہنے کی وجہ سے گلہری عقل مند تھی
اس کیلئے انگور کی نعمت اب صرف چشم بند تھی
اسنے اپنی لالچ کو جب دبایا مشکلات کو ہرا دیا
فوراً انگور کی بیل کو کاٹ کر درخت سے گرا دیا
سکون کے ساتھ ہر نعمت کی ذومفہومی بہتر ہے
عثمانؔ آزاردہ نعمت سے پُرسکون محرومی بہتر ہے

مشکل الفاظ / معنی

ننھا جگر / چھوٹا سا دل حوصلہ

پاش پاش / ٹکرے ٹکرے

چشم بند / دلفریبی آنکھوں کی پٹی

فوراً / جلدی سے

ذومفہومی / دو معنی والی مراد سکون کے مقابلے اس کا اصل مقصد

محرومی / بغیر اسکے

آزاردہ / دکھ دینے والی

خوشامد پسند مُلاں عشق کو بدنام کرتے ہیں

محمد ﷺ نے فرمایا ہے اے ابو بکر صدیقؓ ثمر رسیدہ
بتا مجھے تم نے بلالؓ کو اکیلے کیوں خریدہ
ہمیشہ ہر نیک عمل میں میرے ساتھ رہا کرو
ناراض ہوں تم سے تم نہیں ہو میرے گرویدہ
ابو بکرؓ، یارسولؐ اللہ حکم کی جلد تکمیل کیلئے
دیر شاید ہو آپؐ کی شان میں ہو نا پسندیدہ
پناہ اللہ کی اس مختصر واقعے کے تناظر میں
شاعرانہ پن دِکھانے کیلئے لکھوں اک قیصدہ

شاید صدیقؓ تھے انکی خطا پہ معذرت حضور ﷺ
محبوبؐ کیلئے ہچکچاہٹ سے بیخود پیچیدہ
سن لو وہ حق کا ساتھ دینے پہ صدیق اکبرؓ ہیں
زیادہ بیخود نہ ہوں عاشق، رہا کریں سنجیدہ
مختصر واقعے سے من گھڑت اک عشقیہ داستان
خوشامد پسند مُلاں بناتے ہیں عشق کو آرمیدہ
عشق میں من گھڑت داستان لکھنے سے رہا عثمانؔ
عشقیہ نعتیہ شاعر نہیں،ہوں عارف خدا رسیدہ

مشکل الفاظ	معنی
ثمر رسیدہ	خوش نصیب
گرویدہ	شیدا عاشق
تکمیل	مکمل ہونا
تناظر	نظر میں آنے پر
پناہ اللہ کی	اللہ کی جگہ امن
ہچکچاہٹ	تردد تامل
سنجیدہ	متوزان
بیخود	بیہوش

مشکل الفاظ	معنی
نعتیہ	نعت سے منصوب
عشقیہ	عشق سے منصوب
خدا رسیدہ	خدا کو جاننے ولا
من گھڑت	بے بنیاد فضول
داستان	کہانی
شاعرانہ پن	شاعرانہ عادت
قصیدہ	مدح تعریف

فقر بادشاہی ہے

ابراہیم بن ادہمؒ نے بادشاہی چھوڑ دی تھی
اوردرویشوں کے ساتھ زندگی جوڑ دی تھی
پہلے آپؒ شاہی لباس میں جگمگاتے تھے
اب آپؒ پھٹے پرانے لنگوٹے کو پیوند لگاتے تھے
کوئی شاہ پہچان کر آداب بجا لایا جنابؒ کو
اس حالت میں اس نے دیکھا جب آپؒ کو
اس نے سوچا، پہلے آپؒ کے ساتھ بن کر دیوار
رہتے تھے سنہری گرز لیے چالیس گھڑ سوار

مشکل الفاظ	معنی
جگمگاتے	چمکتے تھے
پیوند	کپڑوں میں ٹکرے لگانا
لنگوٹے	ٹاٹ کا لباس
خدارسیدہ	خدا کی معرفت رکھنے والا
سنہری گرز	قیمتی ہتھیار جو آگے سے گول نیچے دستہ ہوتا ہے

مشکل الفاظ	معنی
آداب بجالایا	احترام کرنا
بن کر دیوار	سیکورٹی کیلئے
گھڑ سوار	گھوڑے پہ سوار

اب سیتے ہیں لونگٹے چمڑے موچی کی طرح
درویشی جہالت ہے اس کے دل نے کی جرح
بھانپ لیے عیب جو رویئے میں شامل تھے
کیونکہ ابراہیمؒ بن ادھم اب ولی کامل تھے
آپؒ نے کہا سن! تیرا ایمان دنیا نے دیا ہے بہا
میں بادشاہ ہوں سوئی پانی میں گرا کر کہا
مچھلی نے سوئی لا کر قدموں میں رکھی عثمانؔ
دیکھ میری بادشاہت جو تیرے پاس نہیں ہاہا

مشکل الفاظ	معنی
ثمر رسیدہ	نوکر سرکا اہلکار
گرویدہ	کمینے ذلیل لوگ
تکمیل	حرام کھانے والے
تناظر	مسئلہ کی جمع پرابلم
پناہ اللہ کی	تعلیمی سرٹیفکیٹ
ہچکچاہٹ	وہ دستور جو انصاف سے خالی ہو
سنجیدہ	مزدور طبقہ
بیخود	پھر قبول مراد انصاف کے جنازے بار بار دعاہیں

افغانستان میں نئی حکومت بننے پر

پہلے تھی صرف امریکہ نواز پاکستانی
اب آئی حکومت امریکہ نواز افغانستانی
اپنی اپنی عوام کو بیوقوف بنانے کیلئے
ملک فروش منافقوں کی ہے یہ کارستانی
یہ فتنہ کہ مسلمان طالبان پیدا کرے گی
ہمارے مخالف امریکہ نژاد ہندو پنڈتانی
امریکی یلغار کا حل طالبان ڈرما ہے صرف
انڈین فوج جب سے بنی طالبان کی اُستانی
اقبالؒ کا جانشین شاعر درویش ہے عثمانؔ
تو اپنی خودی پہچان اے مرد کوہستانی

اسٹبلشمنٹ کے پالتو شاعر

کاش میں تیرے ڈریس کے ساتھ

میچنگ سینڈل ہوتا

مزے سے تمہارے نرم ہاتھوں میں

رقیبوں کی دُرگت بناتا

جب اتار کر کبھی تم جاناں

کسی کو مارا کرتی جاناں

نہیں تو تمہاری سائیکل کے

نئے رنگوں والا پیڈل ہوتا

گہری شاموں کے میں ہلکی راتوں میں

تیرے پاؤں سے یگانگت بناتا

جب بھی کبھی تم جاناں

سائیکل چلایا کرتی جاناں

ایسی شاعری کیوں کروں؟ اگر کرتا

میرے پاس گولڈ میڈل ہوتا

نوجوانوں کو تباہ کرتا میٹھی باتوں میں

حرام خور یزیدوں سے سنگت بناتا

مگر یہ کام نہیں ہیں مسلماناں

اے دورِ جہالت کے خان خاناں

مشکل الفاظ	معنی
ڈریس	لباس
میچنگ سینڈل	لباس کے رنگ کے جوتے
دُرگت بنانا	مارتا
پیڈل ہوتا	پاؤں مارنے کیلئے
یگانگت بنانا	قربت
گولڈ میڈل	سونے کا تمغہ
سنگت بنانا	دوست بناتا
خان خاناں	جاہلیت کے سردار

بچوں کیلئے ایک نظم

چڑیا تیزی سے اُڑتی ہے
پھُر پھُر ، پھُر پھُر کرتی ہے
اِدھر اُدھر بھی مڑتی ہے
اُڑنے سے نہیں ڈرتی ہے

گری تو بس بھَر جائے گی
اللہ نہ کرے یہ مر جائے گی
اُداس مجھ کو کر جائے گی
مر کر پھر یہ سڑ جائے گی

کھلونا چیزیں مرتی نہیں
اتنا اوپر بھی تو چڑتی نہیں
وہ ایسے بھی تو کرتی نہیں
بیڑی فل ہو تو گرتی نہیں

چڑیا کو کون ہے بنانے والا
وہی اسکو پرَ لگانے والا
اللہ ہے اس کو بنانے والا
سارا آسمان گھمانے والا

کھلونا چیز امریکہ نے بنائی
اسے بیچ کر کرتا ہے کمائی
اس لیے بڑا بنتا ہے نائی
اللہ اصلی چڑیا تیری بڑائی

میری موت اعزاز ہے

میری شاعری نور ہے سچ ہے مِثل مہر منور اوجلاد
میری موت عزاز ہے میری قبر ہے مرقد انور او جلاد
میں حق کو عزیز رکھتا ہوں تو باطل سے مرعوب ہے
مجھ پہ فرشے ناز کریں تجھ سے پناہ مانگے جانور اوجلاد
دیر نہ کر سنگدل جلاد اب صبر نہیں کرسکتا عثمانؔ
حوریں جو میرے لیے رہیں ہیں جنت میں سنور اوجلاد

مشکل الفاظ	معنی
مہر منور	روشن سورج
اوجلاد	ارے ظالم
مرقد انور	روشن قبر
مرعوب	ڈرا ہوا
سنگدل	ظالم
سنور	آراستہ بننا سنورنا

مختصر پر اثر

حصہ دوم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

استدعا

یارب وہ زباں عطا ہو جو فطرتی حسن سے لبریز ہو
یارب وہ بیان عطا کر جو گرفتار فطرت پہ دل آویز ہو
یارب ایسے مومن پیدا کردے یہ کلام عثمانؔ
جو وسیع نظر ہوں جنہیں تنگ نظری سے پرہیز ہو

مشکل الفاظ	معنی
فطرتی حسن	قدرتی خوبصورتی
لبریز	بھرا ہوا
دل آویز	دلکش
وسیع نظر	بلند خیال
تنگ نظری	پست خیال
پرہیز	گریز

کلام اقبال اور فوج

دنیا میں رہ کر تارک الدنیا رہنا، ہے جھپٹنا پلٹنا
نہایت جہالت ہے یہ معنی جہازوں پہ الٹنا
یہودیوں کی امداد پہ کلام اقبالؒ ایسے ہے عثمانؔ
غلاظت میں زم زم ملانا یا مینگنی پہ موتی بلٹنا

برے اچھے کی تمیز

ایمانستان ہے پاکستان وہ چومتی ہے اسکی دہلیز
پاک فوج ہماری اپنی ہے ہمیں ہے نہایت ہی عزیز
جہاد جہاد فوج سے لڑنا تو بہت آسان ہے عثمانؔ
مگر مشکل ہے اِسے سکھا دینا برے اچھے کی تمیز

مشکل الفاظ / معنی
تارک الدنیا / دنیا سے الگ
جھپٹنا پلٹنا / حملہ کرنا پلٹ جانا
غلاظت / گندگی

مشکل الفاظ / معنی
زم زم / آب زم زم
مینگنی / بکری یا چوہے کی بیٹ
ایمانستان / ایمان کی جگہ

مشکل الفاظ / معنی
دہلیز / چوکھٹ
عزیز / پیاری
نہایت / بہت

امن و امان کی ضمانت ایمان ہے

ریاست مدینہ کا ایثار، ہے شرعی قانون کی آئیڈیالوجی
اب تو ریاستی مفادات بن گئے ہیں قانونی سائیکالوجی
معاشرے میں امن کا قیام ، ایمان کی وجہ ہے عثمانؔ
نہیں ہے امن و امان کی ضامن سائنس و ٹیکنالوجی

لعنت ایسی ترقی پہ

دفع درو رزق حلال ،مکروہ وحرام استقبال
لعنت ایسی ترقی پہ ہے یہ طبقاتی استحصال
ترقی مساوات وعدل سے ہی ممکن ہے عثمانؔ
انسانی حقوق ادائیگی سے ہے قومی استقلال

آئیڈیالوجی / سوچ کا طریقہ
سائیکالوجی / نفسیات
ٹیکنالوجی / علم صنعت
ریاستی مفادات / حکومتی مفاد

مکروہ وحرام / گناہ والے کام
استقبال / خوش آمدید
استحصال / حصول
قومی استقلال / قیام پامردی

میرا وطن

تھا اقبال کے نالوں کی باز گشت میرا وطن

تھا درویشوں کا بابرکت طشت میرا وطن

آہ عوام کے جسم نوچتے گِدھوں کا عثمانؔ

کیوں بن گیا ہے اب قتالی دشت میرا وطن

باطل خدا

کلمہ جس باطل خدا کے خلاف آواز بلند ہے

آج اسی باطل خدا کی پرستش ہزار چند ہے

شرک جس باطل خدا کو تسلیم کرتا تھا عثمانؔ

وہی باطل خدا آج نظام کی صورت ہتھیار بند ہے

مشکل الفاظ / معنی	مشکل الفاظ / معنی	مشکل الفاظ / معنی
باز گشت / جواب	قتالی دشت / قاتل ریگستان	پرستش / پوجا
طشت / تھال	با برکت / برکت والا	ہزار چند / بے حد
گِدھوں / مرخور پرندہ	آواز بلند / خلاف ہونا	ہتھیار بند / ہتھیار کے ساتھ

سرِ عام اللہ حق سے بضد

مجھے پروا نہیں پسند کریں دوست و احباب
میرے الفاظ کیلئے بدل جاتے ہیں اسباب
اب سرِ عام بضد ہیں اللہ سے، تسلیم نہیں عثمانؔ
پہلے خلائی مخلوق در پردہ کرتی تھی سدباب

جاہلیت میں سب الٹا سیدھا ہے

نہ فیشن نہ ہی ہیئر سٹائل سے نہ سینے کی چھوڑائی ضروری ہے.
مسلمان ہیرو کیلیے صبر و حق گوئی، معرفت و بڑائی ضروری ہے
ہم ہر لمحہ امن و امان کو یقینی بنانے کیلیے سرگرم تو ہیں عثمانؔ
پر ہمارے ہاں ہیرو کیلیے جدید اسلحہ اور اچھی لڑائی ضروری

مشکل الفاظ / معنی	مشکل الفاظ / معنی	مشکل الفاظ / معنی
احباب / پیارے	نہ فیشن / بناوٹ	حق گوئی / سچ کہنا
اسباب / وسیلے	ہیئر سٹائل / بالوں کی کٹنگ	معرفت / حق شناسی
بضد ہیں / اصرار کرتے ہیں	صبر / برداشت	امن و امان / آرام سکون

سرمایہ دارانہ نظام

سرمایہ دارانہ نظام اک مہلک مرض ہے
سبب اس کے پاکستان پر قرض ہے
معاشی توازن اسلام کا حسن ہے عثمانؔ
معاشی توازن کیلیے زکواۃ فرض ہے

موجودہ بت

سرمایہ دارانہ نظام غلامی کی زنجیر ہے
اس میں جکڑا ہر عام شہری اور وزیر ہے
طاقت و سرمایہ پر کفر کا نظام ہے عثمانؔ
یہ دو بُت ہیں توں پرستی میں اسیر ہے

مشکل الفاظ / معنی
سرمایہ دارانہ نظام / ایسا نظام جس میں دولت مند کو فائدہ ہو
مہلک مرض / قاتل بیماری
معاشی توازن / معاشی برابری

مشکل الفاظ / معنی
جکڑا / پکڑا ہوا
پرستی / پوجا
اسیر / قیدی

گمراہی کی تاریک رات

شیخ السلام کھا گیا چندے زکواۃ خیرات
انقلاب نہ آیا پر اسے حاصل ہیں مراعات
خوب کاروبار بنایا اسلام کے نام پہ عثمانؔ
کیا ہوا جو بن گیا گمراہی کی تاریک رات

پیپلز پارٹی انصاف ق و نون کس کیلئے

یہ تیرا سیاسی جوش جنون کس کیلئے
پاگل ،مردہ جسم میں خون کس کیلئے
پاکستانی مرتا ہے جینے کیلئے عثمانؔ
پیپلز پارٹی و انصاف ق ونون کس کیلئے

مشکل الفاظ / معنی
شیخ السلام / اسلام کا عالم
انقلاب / مثبت تبدیلی
مراعات / رعایت

مزدور کو جائز مزدوری نہیں ملتی

سرکاری آفیسرز نواب اپنی مرضی سے آتے جاتے ہیں
ملک پہ بوجھ یہ بد مست ،انکے کتے بسکٹ کھاتے ہیں
سارا دن خون پیسنہ بہانے والے محنت کش کے عثمانؔ
بچے تعلیم سے محروم کیوں کیوں بھوکے سو جاتے ہیں

پارٹی بازی کیلئے لڑائی نہ کرو

اپنی اپنی پارٹیوں کیلیے لڑائی نہ کرو
یہ الفاظ کی مفافقانہ چھڑائی نہ کرو
حق تسلیم کرو یہی مسلمانی ہے عثمانؔ
حق اللہ ہے تو تم جھوٹی بڑائی نہ کرو

مشکل الفاظ / معنی
محنت کش / مزدور
محروم / بے نصیب
مفافقانہ / مکاری

مرنے کیلئے ہے عوام؟

جینے کیلیے مرتی ہے کیا مرنے کیلیے ہوتی ہے عوام
ستر سال سے بس مہنگائی کا رونا روتی ہے عوام
اسلامی جمہوری مساوات سے ناواقف ہے یہ عثمانؔ
نظام کی غلامی میں غفلت کی نید سوتی ہے عوام

حکمران مسلمانوں کے خلاف ہیں

پہلے امریکیوں سے تعلقات زبردست ہوتے ہیں
پھر کہتے ہیں مسلمان زلیل و پست ہوتے ہیں
منافقوں کیلیے یہ اسلامی جمہوریت ہے عثمانؔ
کہ مسلمان روتے ہیں، حکمران بدمست ہوتے ہیں

مشکل الفاظ / معنی

اسلامی جمہوری مساوات / اسلامی مساویانہ تعلیمات اور اسکے فوائد

ناواقف / انجان

غفلت / لاپروائی

ہر مدینے جانے والا اللہ کا پیارا نہیں

نہایت ہی پارسا بن کر دوڑے آتے تھے لے کر جماز
مسجد نبوی میں پلید منافق کفا ر کے پالتو غماز
نجس خون آشام مدینے پہنچ سکتے ہیں عثمانؔ
حضورؐ کے پیچھے منافق بھی پڑھا کرتے تھے نماز

حقیقی مسلم

مسلم حق بات کہنے سے نہیں ڈرتا ہے
مسلم حق کے لیے لڑتا ہے، مرتا ہے
مسلم مٹ کر حق بن جاتا ہے عثمانؔ
مسلم کا سر نیزے پہ قرآن پڑھتا ہے

مشکل الفاظ / معنی
پارسا / نیک
جماز / اونٹ
پلید منافق / کالے منافق

مشکل الفاظ / معنی
سر نیزے پہ / مراد اس سے واقعہ کربلا ہے
حق بن جاتا ہے / اللہ تعالی کے ساتھ باقی مطلب شہید
قرآن پڑھتا ہے / حق بیان کرتا ہے

تصور میں علامہ اقبال سے

میں خجستہ پا ہوں ، ہے حیات میری سواری
درویش مسلم ہوں نہیں زمان ومقام کا زناری
پوچھا جناب کیا آپؒ کا جانشین میں ہوں عثمانؔ
آہ اے گل بتو خورسندم تو بوئے کسے داری

میں نہ خدا ہوں

گل آتشی ہوں مثِل سیماب اِس چمن میں
کتاب ہستی کا محاصل میں ہوں ، متن میں
میں ناخدا ہوں یہ کائنات سفینہ ہے عثمانؔ
کائنات پہ حاوی ہو کر ہوں خود شکن میں

مشکل الفاظ / معنی

خجستہ پا / مبارک قدم

حیات میری سواری / زندگی سواری ہے

زمان ومقام کا زناری / زمان مقام کی قید سے آزاد

مشکل الفاظ / معنی

اے گل بتو خورسندم تو بوئے کسے داری / اے پھول تونے میری خشبو کیے لی

مثِل سیماب / پارے کی طرح

کائنات سفینہ / جہاں کشتی ہے / ناخدا / کشتی چلانے والا

لعنت کرونا زدہ عشق پہ

عاشقوں کو پابندیاں اور کرونا منظور تھا
انکے لیے تو صرف خاکے بنانا ہی فطور تھا
جھوٹے عاشق نیک نام موت چاہتے تھے عثمانؔ
بد نام موت اللہ کیلیے ہو یہ مقام منصورؒ تھا

اللہ کا تعلق ہر معاملے سے ہے

اللہ کا تعلق تیرے ہر معاملے سے ہر جواز سے ہے
جاہل مسلمان سمجھتا ہے یہ صرف نماز سے ہے
منافق خون آشامی نظام میں نمازی بنتا ہے عثمانؔ
جہالت اسلام نہیں جو تیرا طرز و ظاہر حجاز سے ہے

فطور / خرابی
نیک نام موت / ریاکاری کی موت
منصورؒ / حسین بن منصور حلاجؒ
جواز / وجہ

خون آشامی / خون پینے والے
حجاز / عرب کی زمین
اطرز و ظاہر / ظاہر داری اور طریقہ

مندر کی تعمیر پہ

نہ مساوات نہ انصاف ،نہ سزا نہ جرم کسی امیر پہ
دولت کی پوجا میں روح لعنت کرتی رہی ضمیر پہ
جاہل دقیانوس غیرت مند مسلمان بنے رہے عثمانؔ
جب بھی غیرت جاگ اٹھی توبس مندر کی تعمیر پہ

حق گوئی ایمان کی علامت

نماز ایمان کی علامت نہیں مگر حق گوئی ایمان کی علامت ہے
جو حق گوئی کی جرات نہیں رکھتا ایسے نمازی پہ ملامت ہے
جب ایمان ہی نہ تو نماز بھی شیطان کی پوجا ہے عثمانؔ
اللہ حق ہے صرف راہِ حق اختیار کرنے والے کا ایمان سلامت ہے

مشکل الفاظ
ضمیر پہ / دل پہ
دقیانوس / جاہل
حق گوئی / سچی بات

مشکل الفاظ
ملامت / شرمندگی
راہِ حق / سچ کی راہ

سمجھاتا ہوں بار بار میں

میڈیا پہ اینکر بنتے ہیں گھٹنے ٹیک کر یزیدی دربار میں
اسٹیبلشمنٹ کے سب چمچے کالم نگار نظر آئیں اخبار میں
حق گو عارف شاعر تو ہمیشہ ہی رُل جاتے ہیں عثمانؔ
زمانے والے نہیں پہچانتے یہی سمجھاتا ہوں بار بار میں

مسلمان کی مختصر داستان

وہ آہِ امام بریؒ کی جو ہیروں سے ہر کونا بھر بھر گئی
وہ نگاہِ باہوؒ کی ،جو مٹی کے ڈھیلوں کو سونا کر گئی
لالچی مسلمانی لڑاکو ایمان ، داستان مختصر ہے عثمانؔ
کہ فسادی غیرت، امداد کی لالچ میں باوجہِ کرونا مر گئی

مشکل الفاظ / معنی
امام بریؒ / ایک صوفی بزرگ امام بریؒ
باہوؒ/ حضرت سلطان باہوؒ
فسادی غیرت / فساد کو مذہب سمجھنا

مشکل الفاظ / معنی
میڈیاپہ / ٹی وی پہ
اینکر / تبصرے کرنے والے
سب چمچے / تمام پالتو لوگ

آزاد سالک کے مقامات

شیخ خود محکوم و مجبور، اکھٹی کرتا ہے خیرات
سالکان بھی بٹیر ہیں کیا سمجھیں شاہیں کے کمالات
خود گیری و خود داری گلبانگ وانا الحق عثمانؔ
بقول اقبالؒ کہ آزاد سالک کے بھی ہیں یہ مقامات

قربانی

اپنی دلی خواہش کو قربان کرنے والا ہی بڑا ہوا ہے
خواہش کے پیچھے بھاگنے والے کا ضمیر مرا ہوا ہے
ابراہیمؑ نے آنکھیں بند لختِ دل قربان کر دیا عثمانؔ
جب آنکھیں کھولی تو دیکھا، نَرمیش ذبح پڑا ہوا ہے

مشکل الفاظ / معنی

سالکان / صوفی

خود گیری / اپنا محاسبہ کرنا

خود داری / احساس ذات

گلبانگ / قلندرانہ چہکنا

وانا الحق / فنا فی اللہ کا مقام

لختِ دل / دل کا ٹکرا

نَرمیش / مینڈھا دنبہ

آل سعود

آل سعود کا اقتدار مسلمان کی کمزوری ہو چکا ہے
ان پلیدوں سے حجاز کو پاک کرنا ضروری ہو چکا ہے
کون کرے گا وہ درویش مَرد قلندر کہاں ہے عثمانؔ
مسکین قوم کا ایمان تو اُن کے ہاں مزدوری ہو چکا ہے

عید آزاد لوگوں کی ہوتی ہے

عید آزاد لوگوں کی ہوتی ہے زندگی قابل فخر ہو جن کی
عید انصار لوگوں کی ہوتی ہے سادگی قابل فخر ہو جن کی
فرعونی نظام میں بنی اسرائیلیوں جیسوں کی کیا ہے عثمانؔ
عید باوقار لوگوں کی ہوتی ہے سنجیدگی قابل فخر ہو جن کی

آل سعود / مراد سعودی حکمران
حجاز / عرب کی زمین
انصار / مدد کرنے والے
سنجیدگی / وقار متانت

آزادی

آزادی ماسوا اللہ سے بے نیازی ہے
آزادی خودی سازی و تقدیر پردازی ہے
آزادی موجودات کی مغلوبیت ہے عثمانؔ
آزادی ہی تو انسان کا مقام امتیازی ہے

حقیقی قربانی

فرعون سے بغاوت میں ہے کلیم اللہی
اور ملتی ہے نارِ نمرود میں خلیل اللہی
محمدؐ ابن ذبیحین اسلئے ہیں عثمانؔ
اللہ کی بے پناہ محبت ہے ذبح اللہی

کلیم اللہی / اللہ سے کلام کرنا
خلیل اللہی / اللہ کی دوستی
ذبح اللہی / اللہ کیلئے ذبح ہونا
ابن ذبیحین / دو ذبیح کی اولاد

بے نیازی / لاپروائی
خودی سازی / خودی کی تعمیر
موجودات / موجودہ کی جمع
تقدیر پردازی / تقدیر بنانا

غربت اور پسماندگی کی وجہ

آمرانہ نظام ، حقیقتاً ریاست پہ اللہ کا قہر ہوتا ہے
دراصل یہ قومی حریت پہ تیزابی زہر ہوتا ہے
ہر لمحہ تنزلی ہی کی یہی تو وجہ ہے عثمانؔ
کیونکہ اس کا اثر مسلسل آٹھوں پہر ہوتا ہے

عید کا چاند بھی فساد ہے

فسادی اُس کو چاند کہتے ہیں جو ماند ہوتا ہے
جو حکومت کو نظر آئے وہ چاند نہیں راند ہوتا ہے
جو ہر جگہ سے با آسانی دیکھا جا سکے عثمانؔ
درحقیقت وہی پہلی تاریخ کا نیا چاند ہوتا ہے

آمرانہ / حاکمانہ
قہر / غلبہ
حریت / آزادی

تنزلی / پست ہونا نیچے آنا
آٹھوں پہر / ہر وقت
ماند / بے آب و تاب
راند / مراد فساد خود سے نکالا گیا

صحابہ سے محبت کردار سازی ہے

حضرت عمرؓ و علیؓ پہ لڑنے والے منافقوں پہ لعنت ہے
اختلافات کو مذہب کرنے والے منافقوں پہ لعنت ہے
صحابہؓ سے محبت تو اپنی کردار سازی ہے عثمانؔ
انکے نام پر مارنے، مرنے والے منافقوں پہ لعنت ہے

عقیدتِ حسین جرت مندی ہے

یہ عجیب تیری حسینؓ سے عقیدت مندی ہے
کہ اب جلوس کا تیری ضرورت مندی ہے
عقیدت ء حسینؓ رائی سی مجھے میسر ہے عثمانؔ
شاعری میں میری حق گوئی، جرات مندی ہے

کردارسازی / شخصیت سنوارنا
عقیدت مندی / خلوص و محبت
ضرورت مندی / حاجت مندی
میسر / دستیاب
جرات مندی / بہادری

ہر روز اپریل فول

دباؤ کم کرنے کیلئے عوامی شکایات اگلوائی جاتی ہیں
اپنے خلاف صحافیوں سے باتیں خود کہلوائی جاتی ہیں
اپریل فول ہے اسٹیبلشمنٹ کے لیے ہر دن اک عثمانؔ
پبلک موڈ دیکھ کر ہی میڈیا پہ خبریں چلوائی جاتی ہیں

لعنت ایسی سیکورٹی پر

صرف دس پندرہ شیعہ تھے ڈرامائی ماتمی فوک پر
اس پہ پولیس رینجر اور ہیلی کاپٹر بھی ہر چوک پر
موبائل سروس کیوں بند کی یہی تو نااہلی ہے عثمانؔ
لعنت ایسی سیکورٹی پر تھا سارا ملک تلوار کی نوک پر

اگلوائی / منہ سے باہر نکلوانا
پبلک موڈ / عوام کا مزاج
اپریل فول / بے وقوف بنانے کا دن

ماتمی فوک / عوامی ماتم
تلوار کی نوک / مراد بہت مشکل میں

قانون امیر کا ہے

لعنت ہے جینے پہ شمر کا کام یہاں آفسر و میر کا ہے
بے ایمان خوش ہے کیونکہ یہ زخم تو ضمیر کا ہے
یہ یزیدیت سے بدتر نظام ہے اس لیے ہے عثمانؔ
یہاں غریب ظلم سہتا ہے کیونکہ قانون امیر کا ہے

سیلاب

بارش کا پانی نعمت ہے نا اہلیت میں مسئلہ خراب ہے
چھوٹے ڈیم نہ ہونے کی وجہ سے ہر جگہ پر سیلاب ہے
موہنجوداڑو سے مردہ نکلا تو یہی پوچھے گا عثمانؔ
تم کس قدیم دور سے ہو ؟ہمیں تو علمِ نکاسی آب ہے

آفسر و میر / مراد صاحب اختیار بڑے افسر
شمر / معلون تھا قاتل، امام حسین کا
ضمیر / خفیہ خیال
موہنجوداڑو / ایک شہر کہا جاتا تین ہزار سال قبل مسیح میں آباد تھا
علمِ نکاسی / پانی کا اخراج یا اسکا علم

تو میری ہے ورنہ میری نہیں ہے

جس کسی بھی نفس ذاتی فنا پزیری نہیں ہے
اس کے شعور خالق کی جہاں گیری نہیں ہے
خالق نے تخلیق سے خود کو چھپا کر رکھا ہے عثمانؔ
کہ میری طلب ہے تو میری ہے ورنہ میری نہیں ہے

گھنونی واردات کی وجہ

تلقین تھی کاغذ چنتی بچیوں کیلیے زکواۃ خیرات کی
افسوس اب یہ نذرانے بن گئے مذہبی حضرات کی
یہی زکواۃ خور ہی تو زیادتی کی اصل وجہ ہیں عثمانؔ
مذمت کیلیے ہیں جو میڈیا پر ہر گھنونی واردات کی

فنا پزیری / اختتام ہونا نفس کی مٹانا
جہاں گیری / بادشاہت
خالق / پیدا کرنے والا
تخلیق / پیدا شدہ چیز

زکواۃ خیرات / مراد صدقے چندے
مذہبی حضرات / ملاں پیر، علماء
مذمت / توہین
گھنونی واردات / گندا کام زنا، زیادتی وغیرہ

لڑکی

لڑکی صرف جسم ہو تو ناپاک جسارت بن جاتی ہے
لڑکی غیرت کا نشان ہو تو قتل وغارت بن جاتی ہے
لڑکی پیار پیمانہ خالق کائنات کا آدمی سے عثمانؔ
لڑکی عشق سے لبریز پاکیزہ طہارت بن جاتی ہے

ایمان ہی سوداگری ہے

خواہ امام ہے یا تاجر یا آفیسر ہے یا کلرک ہے
حرارتِ ایمان نہیں ، دل کاروبار میں ابرک ہے
ہائے دنیاداروں کا ایمان ہی سوداگری ہے عثمانؔ
بظاہر تو جمعہ کی اذان پہ خریدو فروخت ترک ہے

ناپاک جسارت / نجس جرات
قتل وغارت / خون خرابہ
پیار پیمانہ / پیار ناپنے کی دلیل
پاکیزہ طہارت / صفائی پاکی
کلرک / منشی مراد عام ملازم
ابرک / ایک دھات جس پہ آگ اثر نہیں کرتی
ترک / متلوی
سوداگری / لالچی پن تجارت

بزدل کا دین

عیاشی میں بد مست رہتا ہے جنگ پہ کرتا ہے حیرت
بزدل اپنا دین ایجاد کرتا ہے ہو کر شیطان سیرت
تب دشمن دوست اور ناصح محترم غدار ہے عثمانؔ
جب فوجی قیادت ہو جائے بزدل نکمی اور بے غیرت

ایمان کو عقل پر فوقیت ہے

جب پتا تھا اسکو مرنا ہے تو پھر کیوں پڑا تھا جنگ میں
بزدلو! کہہ دو ،پاگل تھا،نشے باز سر پھرا بھنگ میں
آج اسی لیے تو ہے لائق فخر نام ٹیپو سلطان کا عثمانؔ
ایمان عقل پہ غالب نہ ہوتا،تو رہتا ذلت و ننگ میں

عیاشی / اوباشی
بدمست / شہوت پرست
شیطان سیرت / شیطانی چیلا
ناصح محترم / نصیحت کرنے والا طنزا
فوجی قیادت / فوجی سربراہی
بزدل نکمی / ڈرپوک کام چور
تھا،نشے باز / نشہ کرنے والا
سر پھرا بھنگ / نشے میں پاگل
ذلت و ننگ / ذلت رسوائی میں

اسلام جہالت میں

اسلام ٹوپی داڑھی نماز، جہالت میں گردش ایام ہے
اسلام تو مساوات انصاف اخوت محبت کا پیام ہے
اسلام کا حاصل جنت نظیر ریاست مدینہ تھی عثمانؔ
اسلام کا مقصد عالمگیر فلاحی ریاست کا قیام ہے

محکمہ موسمیات

صرف ڈیٹا کاپی ہے پاکستان کا محکمہ موسمیات
ہے مگر مفت خوری کیلیے ناکارہ امور انتظامیات
سادا لوح عوام کا خون پینے والوں سے کہے عثمانؔ
اسباب کی پوجا کرو اور چھوڑ دو یہ پڑھنا اسلامیات

ناکارہ امور انتظامیات / فضول میں انتظام کا کام
ڈیٹا کاپی / نقل کیا گیا جو تخلیق نہ کیا گیا ہو
گردش ایام / وقت کی ستمگری

بے غیرت فوج طاقت نہیں کمزوری ہے

کبھی عافیہ صدیقی اور انسانوں پہ زریعہ مبادلہ
کبھی ملالہ یوسف ذئی کو بنوا کر قومی عادلہ
امریکی غلامی میں ایواڈ لیتی ہے ناپاک فوج عثمانؔ
مگر سیاست دانوں کے درمیان رہا تلخ مجادلہ

بو علی قلندرؒ

یا علیؓ مدد یا علیؓ مدد کرتا پھرتا ہے ہر چھچھوندر
علیؓ کی مدد اس کیلئے ہے جو ہو صبر میں سمندر
تجلی میں فناوہ سالوں پانی میں کھڑے رہے عثمانؔ
پنڈلیاں مچھلیاں کھا گئی تب بنے وہ بو علی قلندرؒ

زریعہ مبادلہ / بدلے میں ملنے والی
قومی عادلہ / قومی منصف
ایواڈ / انعام
تلخ مجادلہ / سخت بحث تکرار

چھچھوندر / چوہے جیسے منہ والا جانور مراد فضول آدمی
بو علی قلندرؒ / ایک صوفی بزرگ شرف الدین بو علی قلندر
پنڈلیاں / ٹخنے سے اوپر ٹانگ کا حصہ
تجلی / کشف، نور

سب کچھ الٹا سیدھا ہے

کوئی بے بس مجبور فٹ پاتھ پہ ٹھکانے بناتا ہے
کوئی زکواۃ سے یہود کے لیے مہمان خانے بناتا ہے
کوئی خوراک پہ ٹیکس لگا کر محلات بنواتا ہے
کوئی بچوں کی بھوک مارنے کو بہانے بناتا ہے

محمد کی ولادت

باطل بیکار ظالمانہ نظام کیلیے تباہی محمدؐ کی ولادت ہے
جاہل آمرانہ ظلمت کیلیے صبح گاہی محمدؐ کی ولادت ہے
کیوں تسلیم کریں فوجی رواج کو پاکستان پر عثمانؔ
خالق کائنات کے قانون کی گواہی محمدؐ کی ولادت ہے

فٹ پاتھ / سڑک کے ساتھ پیدل چلنے کی جگہ
ٹھکانے / رہنے کی جگہ
مہمان خانے / مہمانوں کیلیئے جگہ
بہانے بناتا / حیلے بنانا

باطل بیکار ظالمانہ / جھوٹا فضول فساد اور ظلم پہ مبنی
صبح گاہی / صبح
فوجی رواج / فوج بجٹ کیلیئے مرنا جینا
ولادت / پیدائش

آمریت کی دلیل

آستین چڑھاکر شلوار کو غصے میں نِکر کرتے ہیں
لڑائی میں لوگ اپنے فوجی رشتے دار کا ذِکر کرتے ہیں
انصاف و جمہوریت کہاں آمریت کی یہ دلیل ہے عثمانؔ
لوگ اپنے کام کیلئے کسی بڑے تعلق کی فِکر کرتے ہیں

عالم تجرید

دنیا کو نظر انداز کرتے ہیں غلام فریدؒ
کہ خودی کی بیدارہی ہے عالم تجرید
یہی راہ ہے اللہ تک لے جاتی ہے عثمانؔ
فرمایا نَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ

آستین چڑھاکر / لڑنے کیلئے تیار ہو کر
نِکر / گھٹنوں تک پتلون
آمریت / ڈکٹیٹر شپ جرنیلی بادشاہت
غلام فریدؒ / ایک صوفی بزرگ

خودی / خود شعوری
بیدارہی / جاگنا
عالم تجرید / عالم خلوت عالم تنہائی
نَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ۔
ہم تمہاری رگ جان سے قریب ہیں، قرآن

گدی نشینوں نے مقام فقر کو کاروبار بنادیا

نہ تو کوئی محل بنوایا ،نہ کسی بڑی تعمیر کی بنیادیں
مہر علیؒ کے قلب و جگر پہ حاوی تو بس محبوبؐ کی یادیں
گدی نشینوں نے تو مقام فقر کو کاروبار بنا کر رکھ دیا عثمانؔ
عقیدت سیاست میں بدل کر بیچ کھائیں عوام کی مرادیں

محمدؐ سے عقیدت ناانصافی کی موت ہے

محمدؐ سے عقیدت ظلم جبر اور ناانصافی کی موت ہے
مساویانہ حقوق سے سوا قوانین اضافی کی موت ہے
آمرانہ قوانین سرکاری افسر گردی یزیدیت ہے عثمانؔ
حقوق کی ادائیگی روائیتی دستور خُرافی کی موت ہے

قلب و جگر / دل اور خون میں
حاوی / مسلط
گدی نشینوں / باپ کی قبر پر تحت نشین

دستور خُرافی / بے ہود قانون
افسر گردی / افسر کا اختیارات کا ناجائز استعمال کرنا
قوانین اضافی / خود ساختہ فضول قوانین

منافق اپنے خلاف سچ نہیں سکتے

دل عقل کے غلام ہیں جذبے انقلاب سے گھبراتے ہیں
لوگ مفادات کی خاطر حقیقت سے آنکھیں چراتے ہیں
اللہ کے مجرم جھوٹ میں زندگی گزار دیتے ہیں عثمانؔ
منافق ہیں وہ جو اپنے خلاف سچ سننے سے کتراتے ہیں

ابو جہل کے چیلے

اہل فقر حق گو ہوتے جیب میں چند دھیلے ہوتے
محمدؐ سے عقیدت رکھتے تو راہ حق میں بلکل اکیلے ہوتے
میلاد میں دولت کی طرف جھکا دیکھ کر اندازہ کیا عثمانؔ
یہ اُس زمانے میں ہوتے تو سب ابو جہل کی چیلے ہوتے

کتراتے ہیں / گریز کرتے ہیں
چند دھیلے / مراد بہت کم روپے
چیلے / زر خرید نوکر

مذہبی اختلاف دین نہیں ہے

کوئی عاشقِ علیؓ و محمدؐ ، کوئی عاشقِ صحابہؓ ہے
ملت محمدیہ نہیں فسادی ہیں اور خون خرابہ ہے
عبادت کل انسانیت کے حقوق کی ادائیگی ہے عثمانؔ
مسلکی اختلاف تو مذہبی ٹھیکیداروں کا قلابہ ہے

کافر سائنس کا سہارا لیتا ہے

کافر تجھے اللہ نے سائنسی ایجاد کے ذریعے مثال دی
یہ دنیا انسان کیلئے تھی تب ہی تُوں نے کھنگال دی
سائنسدان نے جب بھی انسانیت کیلیے کچھ کرنا چاہا
اللہ نے قدرت کے مطابق کوئی نہ کوئی راہ نکال دی

قلابہ / کانٹا مچھی پکڑنے کیلیئے
خون خرابہ / لڑائی
مسلکی اختلاف / دینی اختلاف
کھنگال / مراد تلاش کرنا محاورہ ہے

روشن حقیقت

اسٹیبلشمنٹ چاہے تو کتا وزیر اعظم بن جاتا ہے

چاہے تو گدھا شیخ الاسلام جو زکواۃ کھاتا ہے

انسان عثمانؔ اقبالیات کے افلاک پر ٹمٹماتا ہے

کیونکہ سچ کڑوا ہے،وہ سچی جو باتیں بتاتا ہے

ہوا پھر سے چمن میں دیدہ ور پیدا

مجھے کہتے ہیں ایسے شاعری ایسا شاعر ہے ندیدا

عشقیہ کرو ناں تم جس کا زمانہ ہے شیدا

کہا کہ بعد نرگستاں اپنی بے نوری بڑا رویا

بڑی مشکل سے ہوا پھر سے چمن میں دیدہ ور پیدا

اقبالیات / علامہ اقبال کی سوچ فکر

شیدا / عاشق فدائی

ٹمٹماتا / جھلملاتا

نرگستاں / وہ مقام جہاں نرگس ہوں

ندیدا / ان دیکھا

دیدہ ور / صاحب نظر

جوان لڑکیاں فوج میں

حب الوطنی گھول کر شہوتیں نشے میں پِلائی جاتی ہیں

جوان لڑکیاں جھوٹی عزت دے کر فوج میں لائی جاتی ہیں

جوانی برباد کریں جنگی عیاش رنگ رلیلیوں میں عثمانؔ

ادھیڑ عمری میں وہ دلجوئی کیلیئے میڈیم کہلائی جاتی ہیں

نماز بندے کا اللہ سے پیار ہے

انسان کے اندر جب طلب گار مر جاتا ہے، یار آتا ہے

نماز تب ہوتی ہے جب بندے کو اللہ پہ پیار آتا ہے

چاہے مکہ ہو مدینہ ہو نجف ہو یا مشہد ہو عثمانؔ

نمازی جاتا ہے فسادی آتا ہے زائر[6] جاتا ہے عیار آتا ہے

شہوتیں / جسمانی ہوس

رنگ رلیلیوں / عیاشی کی پارٹیاں

دلجوئی / تسلی

طلب گار / طلب کرنے والا

نجف / حضرت علی کا مرقد انور کا شہر

مشہد / ایران کا شہر امام موسی کاظم کا مقرہ ہے

زائر / زیارت کرنے والے

فوجی بجٹ کا جواز

پاکستان کا مطالبہ اس لیے تھا کہ مسلم کی زندگی الگ ہے
دین و مذہب الگ ہے سوچ و فکر الگ تعلیم و خواندگی الگ ہے
اب ایسا نہیں ہندو مسلماں کو غلام بنا لیتے جمہوریت میں
یہ سوچ ،فوجی بجٹ کا جواز، ساتھ زہنی پسماندگی الگ ہے

منافق مولوی پالتو کتا ہے

فوجی آفیسر کیلئے شراب بٹیر کباب ہے
روز نئ خوشی ہے ہنیمون ہے شباب ہے
یہ عوام مرتی ہے ٹیکس دے کر عثمانؔ
مولو ی کہتا ہے ، اللہ مسبب الاسباب ہے

خواندگی / تعلیم وتربیت
زہنی پسماندگی / ذہنی پستی
بٹیر کباب / اچھی غذا
مسبب الاسباب / سسب بنانے والا

ہنیمون / میلاپ کا وقت
شباب / لڑکیاں جوانی

خود مردہ خودی کی تعلیم کیا دیں گے

حوس میں بنا کر اسلام علم معاشیات
بناکر خوب نذرانے چندے ما ہوار مبلغات
خودی کی تعلیم اب دینے آئے ہیں عثمانؔ
خود مردہ خود مرقد خود مرگ مفاجات

سامری کردار نسل

مصنوعی نجات دہندہ بناکر آمروں کو خدا کرتی ہے
عسکری مفاد کیلئے انسانوں کو جدا جدا کرتی ہے
پنج نسل بنی اسرائیلی جیسی قوم میں عثمانؔ
ہمیشہ ہی چاپلوس سامریوں کا کرادر ادا کرتی ہے

علم معاشیات / کاروبار کا علم
مبلغات / مال وزر روپیہ
خود مرقد / مردہ
خود مرگ مفاجات / خواہش کیلیے بار بار مرے لوگ

مصنوعی نجات دہندہ / مصنوعی راہ نجات دکھانے والا
آمروں کو / حکمران جرنیل
سامریوں / وہ جادوگر جس نے سونے کو سالہ بنایا تھا

دھماکوں کی وجہ

بڑا گھر اچھی گاڑی بنانے کی طرف ذہن متوجہ ہیں
حرص میں اندھے ہیں، امریکی ڈالر انکے زیر توجہ ہیں
مقدس گائے بنے بیٹھے ہیں جو محافظ بن کر عثمانؔ
یہی غدار فوجی افسر ہی تو دھماکوں کی اصل وجہ ہیں

آمریت پرست پنج، مشرکین

اپنا ایمان بیچ کر یہ صرف چائے سموسہ کرتے ہیں
مزاجاََ گھٹنے ٹیک کر پھر قدموں پہ بوسہ کرتے ہیں
اللہ کو چھوڑ کر ہمیشہ ہی فوجی طاقت پر عثمانؔ
آمریت پرست پنج، مشرکین ہی بھروسہ کرتے ہیں

متوجہ ہیں / دھیان میں
حرص میں اندھے / لالچ میں اندھے
مقدس گائے / فوجی جرنیل بے کار انوکھے

زیر توجہ ہیں / دھیان میں
گھٹنے ٹیک کر / عاجزی کے ساتھ
مزاجاََ / جھوٹ سے چاپ چاپلوسی سے

جمہوریت میں

اہم ہیں اداروں سے کام کی توقعات جمہوریت میں
اہم ہیں اخراجات کی تمام اطلاعات جمہوریت میں
معیشت پہ بوجھ ہر ادارہ محدود کر دیا جاتا ہے عثمانؔ
خواہ فوج ہی سے ہو جائے شروعات جمہوریت میں

شیر کی ایک دن کی زندگی

خون چوسنے والی گندی سے بہتر ہے
جنگ میں مرجانا شرمندگی سے بہتر ہے
ایک دن کی زندگی شیروں کی عثمانؔ
کتوں کی ہزار سالہ زندگی سے بہتر ہے

توقعات / امیدیں
اطلاعات / خبریں
معیشت / گزربسر کے ذریعہ
محدود / حد میں

کیسی شہادت؟

فلاحی ریاست کا مقصد عوام کو شہری حقوق فراہم کرنا ہے
جبکہ ریاست پاکستان کا مقصد اشرافیہ کا تجوریاں بھرنا ہے
عثمانؔ طاقت کا کام صرف حفاظت کیلئے میدان میں اترنا ہے
توشہادت کیسی ؟ مرنا بس باطل فرعونی نظام کیلیے مرنا ہے

نیوز چینل

نیوز چینل کا رویہ گھٹیا ہے کاروباری ، ہے دل آزار بہت
روزدو واقعات کچھ سیاسی ہلچل اور کنجر بازار بہت
میڈیاپر سب فالتو ہیں اہل قلم ایک بھی نہیں عثمانؔ
یہ اسٹیبلشمنٹ کی پیداوار لوٹے چمچے اور اوزار بہت

فلاحی ریاست / ایسا ملک جہاں سب برابر ہوں
شہری حقوق / برابر انسانی حقوق
اشرافیہ / چند خاص لوگ
تجوریاں بھرنا / اپنی جائداد بنانا

باطل فرعونی نظام / جہاں عوم کی خوراک پہ ٹیکس لگے
دل آزار / تکلیف دہ
سیاسی ہلچل / روزانہ کی خبریں
لوٹے چمچے اور اوزار / پالتو ہر کام کرنے والے لوگ

قائداعظم نے کہا

جو تم اپنے مفاد میں کرتے ہو میں وہ داد خواہی ہوں
میں اعظیم قائد نہیں ،اعظیم قائد کی راہ کا راہی ہوں
مفاد پرست خوشامدیوں سے قائد اعظم نے کہا عثمان
میں علامہ اقبال کے مشن کا صرف ایک سپاہی ہوں

بے باک جہالت

جہالت عام ہو تو جہالت ہو جا تی ہے بڑی بے باک
دانت صاف کرنا سنت ہے چاہے برش ہو یا مسواک
مذہبی دکان چمکانے بال کی کھال ا دھیڑنا عثمانؔ
شیطان رکھتا ہے انہیں ایسی سنتوں میں انہماک

اپنے مفاد میں / اپنے فائدے کیلئے
داد خواہی / شاباشی چاہنا
مفاد پرست / مطلبی

بے باک / بے حیا
انہماک / مسروف

اسلام مختصر الفاظ میں

اسلام ٹوپی داڑھی نماز، جہالت میں گردش ایام ہے
اسلام تو مساوات انصاف اخوت محبت کا پیام ہے
اسلام کا حاصل جنت نظیر ریاست مدینہ تھی عثمانؔ
اسلام کا مقصد عالمگیر فلاحی ریاست کا قیام ہے

شیطان اب دیندار ہے

انہیں شیطان داڑھی نماز مریدی و تبلیغ پہ لگاتا ہے
درد انسانیت نہ ہو تو دل راہِ راست سے ڈگمگاتا ہے
اپنی ہر حرص مار کر انسانیت کی تلقین کرنا عثمانؔ
اسلام کی تبلیغ ہے دل نور بن کر جب جگمگاتا ہے

گردش ایام / وقت کی ستم گری
پیام / پیغام
جنت نظیر / جنت کی مثال
عالمگیر فلاحی ریاست / ایک جمہوری کل مخلوق کیلئے امن کی جگہ

مشکل الفاظ / معنی
ڈگمگاتا / راہ حق سے ادھر اُدھر ہونا
تلقین کرنا / ہدایت کرنا

درندوں کے احسانات

عوام کا خون چوس کر عوام پر مہربانیاں ہیں
ہاں پاک فوج کی ناقابل فراموش قربانیاں ہیں
اقبال کے اجڑے چمن کو برباد کرنے کیلئے عثمانؔ
پاک فوج کی ہر بار نئے سرے سے باغبانیاں ہیں

زندگی کا مقصد

بڑے بڑے داؤں مارنے کیلئے پیدا کیا ہرگز نہیں
حال و مستقبل سنوارنے کیلئے پیدا کیا ہرگز نہیں
حق کیلئے سر حسین جیسی ہستی نے کٹا دیا عثمانؔ
اللہ نے زندگی گزارنے کیلئے پیدا کیا ہرگز نہیں

ناقابل فراموش / جو بھولنے کے قابل نہ ہوں

اجڑے چمن / برباد وطن

باغبانیاں / حفاظتیں

داؤں مارنے / بازی مارنا

خفتگان خاک سے استفسار

کھاناپینا بیوی بچے مسلمانی ماند انکی اُم الاجسار
اعمال غفلت کی بد مستیاں کھیل کود دامنِ کہسار
مسلماں نہیں راکھ کا ڈھیر ہیں بقول اقبالؒ عثمانؔ
زندہ نہیں مردہ ہیں آہ خفتگانِ خاک سے استفسار

مولانا شیطان سے ڈراتا ہے

حقیقت سے جان بوجھ کر آنکھیں چُرانے پر
اپنی آسانی کیلئے مشکلات سے گھبرانے پر
فرعونی نظام کا مطیع ہونا شرک ہے عثمانؔ
اللہ کے خوف کے بہانے مولانا کے ڈرانے پر

اُم الاجسار / پارہ سیماب
دامنِ کہسار / پہاڑ کے درمیان
آہ خفتگانِ خاک سے استفسار / مردہ لوگوں سے تحقیق
مطیع ہونا / فرمان بردار ہونا

جب علامہ اقبالؒ کے جانشین شاعر محمد عثمان عباسی درویش مسلمؒ کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس بحال تھے تو انہوں نے جتنی بھی شاعری پوسٹ کی وہ اس کتابچہ میں موجود ہے پھر آئی ایس آئی نے انکے تمام سوشل میڈیا بند کروا دیئے تاکہ عوام تک علامہ اقبالؒ کا جانشین شاعرؒ کا پیغام نہ پہنچ سکے یہ وہی آئی ایس آئی اور فوج ہے جس نے قائد اعظمؒ کی گاڑی سے پٹرول نکالا تک کہ وہ ڈاکٹر کے پاس پہنچنے سے پہلے ہی دنیا سے کوچ کر جائیں یہ وہ فوج ہے جس نے لیاقت علی خان کو مروادیا جو کہ علامہ اقبالؒ کے مثالی ریاست کے خواب کی تعبیر دیکھنے والی آخری بااختیار شخصیت تھے یہ وہی فوج ہے جس نے محسن پاکستان آیٹمی سائنس دان ڈاکٹر عبدالقدیر خان کو امریکہ کے حوالے کرنا چاہا اور ان پہ ناجائز پابندیاں لگائی یہ وہی فوج ہے جس نے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو امریکہ کے حوالے کر دیا یہ وہی فوج ہے جس نے گلبوشن یادیو اور ریمنڈ یوائس کو چھوڑ

دیا جبکہ ہمارے وزیرستانی اور بلوچی بھائیوں کے جسم سے کھالیں اتاری اور ناخن کھینچے اللہ کی لعنت اس ظالم ناپاک فوج پہ۔ یہ اپنے ساتھ یہ اعزاز کیوں نہیں یاد کرتے کیوں ان تمغوں بار بار گنتے اور نہایت اہم یہ وہی فوج ہے جو اسوقت اسلامی ریاست پاکستان پہ قرضہ لے لے کر فوجی افسران کیلئے کینیڈا میں ایک ہاؤ سنگ سوسائٹی بنوا رہی ہے مقصد امریکی پالیسی کے مطابق اسلامی ریاست کو دیوالیہ کرنے کے بعد ختم کر دینا ہے یہ لعنتی جرنیل اور فوجی افسران اُس وقت کینیڈین شہری ہوں گے یہی امریکہ نے انکے کے ساتھ ڈیل کی ہے کوئی بھی مسلمان یہ گوارہ نہیں کرتا اس لیے آئی ایس آئی نے کینیڈین شیخ طاہر القادری پیدا کیا ہے جو پاکستانی مسلمانوں کو کینیڈین بہترین مسلمان بنانے میں لگا ہے یہی امریکی پالیسی ہے درحقیقت یہ علامہ اقبالؒ کے جانشین شاعر محمد عثمان درویش مسلمؒ کے پیغام پہ پابندی اس لیے لگا رہے ہیں یہ پاکستان کے بدترین دشمن ہیں اور غریب عوام کا خون چوسنے

والے درندے اور جواز یہ فراہم کرے رہے ہیں یہ پاکستان کی
حفاظت ہے بیشک علامہ اقبال کے جانشین کے شاعر سے زیادہ
کوئی بھی حب الوطن نہیں ہو سکتا شاعری دل سے کی جاتی ہے درد
جسے ہوتا وہ اسکی گفتگو میں نظر آ جاتا ہے وطن کے نام پہ گیت
لکھنے والے پیسے لے کر لکھتے ہیں گلوکار اور موسیقار میڈیا والے انکو
نکھار کر پیش کئے دیتے ہیں یہ سب پیسے اور شہرت مقبولیت کے
رنگوں میں رنگ جاتا ہے تو یوں محسوس ہوتا کہ یہ گیت لکھنے والے
کو وطن سے بہت محبت ہے حالانکہ ایسا نہیں ہوتا اللہ تعالی کے
پسندیدہ درویش اہل قلم ہی وطن سے محبت اور اللہ سے وفاداری
کے درمیان انصاف کر سکتے ہیں باقی وطن کی محبت میں حد سے
گزرنے والے صرف منافق ہیں اور پیسے اور شہرت کی حوس کو
حب الوطنی کا نام دیتے ہیں اللہ سے دعا کہ آپ کو بصیرت عطا کر
دے تا کہ آپ ایمانی جذبے اور حوس کے درمیان فرق کر سکیں
آمین یہ پیغام فارورڈ کر دیں۔ شکریہ

ایک اہم بات میرا تعلق کشمیر سے ہے اور میرے اکثر رشتے دار فوج میں ہیں پہلے میں خود میں آئی ایس آئی میں کام کر چکا ہوں میں پیشے کے لحاظ سے انجنیئر ہوں

جو لوگ مجھے انڈین ایجٹ کہتے ہیں ان پہ اللہ کی لعنت وہ جھوٹے ہیں میں درویش ہوں درویش صرف اللہ اور محمد ﷺ کا وفادار ملازم ہوتا ہے

جب میں آئی ایس آئی کے لیے سکیورٹی آلات ڈیزائن کرتا تھا تب میں ایجنٹ نہیں تھا؟ لعنت منافقوں پر میں نے پاکستان کے تمام بڑے اداروں میں سکیورٹی اکیوپمنٹس کی انسٹالیش کی ہے اور کئی بار صرف الوطنی کے جذبے بہت کم قیمت پر کام کیا ہے جب اداروں کے بجٹ کی کمی تھی۔

جاری ہے